AN INDEPENDENT NATIONAL DAILY FROM LAHORE

جھوٹ کیخلاف A.B.C CERTIFIED سچ کی طاقت

DAILY MASAFAT LAHORE

روزنامہ مسافت لاہور

بانی اصغر علی جٹ (مرحوم)

ایگزیکٹو ایڈیٹر چوہدری اکرم مجید

چیف ایڈیٹر مسز راحت آراء

ایڈیٹر حیدر علی بھٹی

قیمت 10 روپے

جلد نمبر 24 پیر 3 رجب المرجب 1445ھ 15 جنوری 2024ء 2 ماگھ 2079ب شمارہ نمبر 220

وزیر اعلیٰ محسن نقوی، وفاقی وزیر اطلاعات مرتضی سولنگی اور صوبائی وزیر اطلاعات عامر میر نے پریس کلب کے صدور کو خصوصی گرانٹ کے چیک دیئے

وزیر اعلیٰ محسن نقوی کی خصوصی ہدایت پر تاریخ میں پہلی بار پنجاب بھر کے 44 پریس کلب کو سپیشل گرانٹ جاری

آئے چند ماہ کیلئے تھے، ایک سال گزر گیا، چارج لیتے ہی تنقید کی گئی کہ صحافی کیا کر سکتا ہے، دن رات محنت کی، پوری ٹیم نے ڈلیور کیا اور رزلٹ دیا

مجھے بہترین ٹیم ملی، اکیلا ہوتا تو میں کچھ بھی نہیں کر سکتا تھا، اخبارات کا ایک عہد تھا جو نیچے ہوتا چلا گیا، ٹی وی آیا اور اب ڈیجیٹل میڈیا کا دور ہے

تجویز ہے کہ یہ گرانٹ صحافی سوشل و ڈیجیٹل میڈیا کے پلیٹ فارم کے لئے استعمال کریں، زمانہ بڑا ظالم ہے جو وقت کے ساتھ نہیں چلتا وہ پیچھے رہ جاتا ہے

صحافی بھائیوں کی معاونت فرض سمجھتے ہیں، علاقائی پریس کلبوں کو ڈویلپ کر کے جدید خطوط پر استوار کیا جانا چاہیے' صوبائی وزیر عامر میر

محسن نقوی کو پنجاب کا شیر شاہ سوری ثانی کہتا ہوں، محسن نقوی دن دیکھتے نہ رات، دھند دیکھتے ہیں نہ سردی، دھوپ دیکھتے ہیں نہ چھاؤں' مرتضی سولنگی

لاہور(سٹی رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی کی خصوصی ہدایت پر تاریخ میں پہلی بار پنجاب بھر کے 44 پریس کلب کو سپیشل گرانٹ جاری کر دی گئی۔ وزیر اعلیٰ آفس میں پنجاب بھر کے پریس کلب کے صدور اور جنرل سیکرٹریز کو سپیشل گرانٹ کے چیک دینے کی خصوصی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ وزیر اعلیٰ محسن نقوی، وفاقی وزیر اطلاعات مرتضی سولنگی اور صوبائی وزیر اطلاعات عامر میر نے پنجاب کے تحصیل، ضلع اور ڈویژن کے پریس کلب کے صدور کو خصوصی گرانٹ کے چیک دیئے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 1)

بیرسٹر گوہر کے گھر جانیوالے ایس ایچ او سمیت 5 پولیس افسران معطل

13 جنوری کو پولیس ایک مخبر کی اطلاع پر اشتہاری کی تلاش میں سیکٹر ایف سیون ٹو پہنچی تھی تاہم وہ گھر بیرسٹر گوہر کا ہے معلوم ہونے پر پولیس فوری واپس آ گئی تھی، ترجمان

ترجمان نے بتایا کہ 5 افسران بشمول ایس ایچ او مارگلہ کو تاحکم ثانی معطل کر دیا گیا ہے، انکوائری ہو رہی ہے، قانون کی خلاف ورزی پر اہلکاروں کے خلاف سخت کارروائی ہوگی

اسلام آباد(سٹاف رپورٹر) پی ٹی آئی رہنما بیرسٹر گوہر کے گھر جانے والے ایس ایچ او سمیت اسلام آباد پولیس کے 5 افسران معطل کر دیے گئے۔ تحریک انصاف کے رہنما بیرسٹر گوہر کے گھر پولیس کے جانے پر انکوائری کے معاملے پر ترجمان اسلام آباد پولیس نے بتایا کہ 13 جنوری کو پولیس ایک مخبر کی اطلاع پر اشتہاری کی تلاش میں سیکٹر ایف سیون ٹو پہنچی تھی تاہم وہ گھر بیرسٹر گوہر کا ہے معلوم ہونے پر پولیس فوری واپس آگئی تھی۔ ترجمان اسلام آباد پولیس کے مطابق بیرسٹر گوہر نے سپریم کورٹ میں اپنے گھر پولیس کے جانے کی شکایت کی، جس پر چیف جسٹس پاکستان نے کیپٹل سٹی پولیس (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر2)

ایک شخص کو چوتھی بار پاکستان پر مسلط کرنے کی کوشش ہو رہی ہے، بلاول

ایک شخص کو آپ نے تین بار وزیر اعظم بنایا، آج اس شخص کو چوتھی بار مسلط کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے، چیئرمین پی پی پی

8 فروری کو اپنا حق چھینیں گے اور عوامی حکومت بنائیں گے، پاکستانی عوام کسی کے غلام نہیں، یہ شخص 3 مرتبہ ناکام ہو چکا ہے، ڈیرہ مراد جمالی میں جلسے سے خطاب

اسلام آباد(مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ ایک شخص کو چوتھی بار پاکستان پر مسلط کرنے کی کوشش ہو رہی ہے۔ ڈیرہ مراد جمالی میں جلسے سے خطاب کرتے ہوئے بلاول بھٹو نے کہا کہ بلوچستان میں کھڑے ہو کر اسلام آباد کو پیغام دینا چاہتا ہوں، اب بھی کوشش کی جا رہی ہے کہ اس شخص کو پاکستان پر چوتھی بار مسلط کیا جائے۔ بلاول بھٹو (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر3)

ہم عوام پاکستان پارٹی کی انتخابی نشان بلا حاصل کرنے کیلئے ایک اور درخواست

اسلام آباد(سٹاف رپورٹر) ہم عوام پاکستان پارٹی نے بلے کے نشان کے حصول کیلئے ایک اور درخواست الیکشن کمیشن (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر5)

پاکستان کے عوام کی جانب سے غزہ کیلئے امدادی سامان کی چوتھی کھیپ اردن پہنچ گئی

اسلام آباد(سٹاف رپورٹر) پاکستان کے عوام کی جانب سے غزہ کے مظلوم لوگوں کے لئے طبی اور کھانے پینے کی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر4)

لاہور: وزیر اعلیٰ محسن نقوی پنجاب کے 44 پریس کلبز کے صدر اور جنرل سیکرٹریز کو خصوصی گرانٹ کے چیک دے رہے ہیں

بلے کا انتخابی نشان چھن جانے کے بعد لاہور سے پی ٹی آئی کے 14 امیدوار الگ الگ نشان سے الیکشن لڑیں گے

پی ٹی آئی کا آزاد حیثیت میں لڑنے کا اعلان، عمران خان کے نام پر ووٹ ملے گا، چیئرمین پی ٹی آئی

پی ٹی آئی کے دس کروڑ ووٹر ہیں کسی کو بھی انٹرا پارٹی الیکشن پر اعتراض نہیں تھا البتہ اُن لوگوں نے اعتراض کیا جن کا پی ٹی آئی سے تعلق نہیں ہے۔ پاکستان تحریک انصاف کے وکلا

اسلام آباد(مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ سپریم کورٹ کے فیصلے کے بعد ہمارے امیدوار آزاد حیثیت سے الیکشن لڑیں گے۔ سپریم کورٹ کے فیصلے کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے پاکستان تحریک انصاف کے وکلا کا کہنا تھا کہ عدالتی فیصلے کے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر10)

لاہور(سٹاف رپورٹر) بلے کا انتخابی نشان چھن جانے کے بعد لاہور سے پی ٹی آئی کے 14 امیدوار الگ الگ نشان سے الیکشن لڑیں گے پی ٹی آئی امیدواروں کو آزاد حیثیت سے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر9)

مظفر آباد: وزیر اعظم کے معاون خصوصی برائے ہیومن رائٹس اینڈ امپاورمنٹ مشعل ملک متاثرین میں سردیوں کے ملبوسات تقسیم کر رہی ہیں

غزہ جنگ 100 دن مکمل، 24000 فلسطینی شہید

اب تک اسرائیلی حملوں میں غزہ میں 24000 سے زائد فلسطینی شہید اور 60 ہزار زخمی ہوئے ہیں۔

اسرائیلی حملوں میں غزہ میں 45 سے 56 فیصد عمارتیں تباہ ہو چکیں، اسکول کی 69 فیصد عمارتوں کو نقصان پہنچا، 142 مساجد، 3 گرجا گھر، 121 ایمبولینسوں کو نقصان پہنچا

غزہ (مانیٹرنگ ڈیسک) غزہ میں 7 اکتوبر 2023ء سے جاری اسرائیلی جنگ کے 100 دن مکمل ہو گئے۔ فلسطینی وزارت صحت کے مطابق اب تک اسرائیلی حملوں میں غزہ میں 24000 سے زائد فلسطینی شہید اور 60 ہزار زخمی ہوئے ہیں۔ اسرائیلی حملوں میں غزہ میں 45 (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر6)

ریاست کے پاس پی آئی اے چلانے کے پیسے نہیں ہیں، فواد حسن فواد

ریلوے کی نجکاری نہیں ہوگی، ریاستی اجارہ داری ختم کرنے کے لیے ریگولیٹری فریم ورک ہونا چاہیے، نگران وزیر نجکاری

اسلام آباد(سٹاف رپورٹر) نگراں وزیر نجکاری فواد حسین فواد نے کہا ہے کہ ریاست کے پاس پی آئی اے چلانے کے لیے پیسے نہیں ہیں۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ پی آئی اے میں گورننس کا مسئلہ ہے، پی آئی اے نے 90 ارب روپے کا نقصان کیا ہے، صرف منافع بخش پروازیں چلا رہے ہیں۔ فواد حسین فواد نے کہا کہ ریلوے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر8)

پاکستان کے عوام کی جانب سے غزہ کیلئے امدادی سامان کی چوتھی کھیپ اردن پہنچ گئی

اسلام آباد(سٹاف رپورٹر) پاکستان کے عوام کی جانب سے غزہ کے مظلوم لوگوں کے لئے طبی اور کھانے پینے کی اشیا پر مشتمل 20 ٹن (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر7)

وزارت صحت نے اوٹیز بند ہونے کی وجہ فنڈز کی کمی کو شکار دے دیا

اسلام آباد(سٹاف رپورٹر) وزارت صحت نے اوٹیز بند ہونے کی وجہ فنڈز کی کمی کو شکار دے دیا۔ ترجمان وزارت صحت نے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر25)

الیکشن کمیشن نے صوبہ بلوچستان سے قومی اسمبلی کے امیدواروں کے اعداد و شمار جاری کر دیئے

اسلام آباد(سٹاف رپورٹر) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے صوبہ بلوچستان سے قومی اسمبلی کے امیدواروں کے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر26)

ڈیرہ مراد جمالی: پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری عام انتخابات کے حوالے سے جلسہ سے خطاب کر رہے ہیں

بلوچستان کے مسائل کا حل نگران حکومت کے بس میں نہیں، مرتضی سولنگی

بلوچ خواتین مارچ جب سے چلا انہیں اسلام آباد تک پہنچنے میں کوئی مسئلہ نہیں ہوا، جب وہ اسلام آباد آئے ان سے کہا گیا کہ آپکو جلسہ کیلئے ایف نائن پارک دیا جاسکتا ہے

آئین میں لکھا ہے کہ ملک کا نظام منتخب نمائندے چلائیں گے، سب کو معلوم ہے 8 فروری کو انتخابات ہو رہے ہیں، نگران وزیر اطلاعات

لاہور(مانیٹرنگ ڈیسک) نگران وفاقی وزیر اطلاعات مرتضی سولنگی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے مسائل کا حل پاکستان کی بڑی سیاسی جماعتیں اور متعلقہ فریق کر سکتے ہیں نگران حکومت کے بس کی بات نہیں ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ بلوچ خواتین مارچ جب سے چلا انہیں اسلام آباد تک پہنچنے میں کوئی مسئلہ نہیں ہوا، جب وہ اسلام آباد آئے ان سے کہا گیا کہ آپکو جلسہ کیلئے ایف نائن پارک دیا جاسکتا ہے، (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر11)

جماعت اسلامی کی پی ٹی آئی کو بلا نہ دینے پر تنقید

سینیٹر مشتاق احمد خان نے کہا کہ انتخابی نشان چھیننا لیول پلیئنگ فیلڈ سے محروم کرنا ہے۔

پی ٹی آئی کے انتخابی نشان سے متعلق فیصلہ لیول پلیئنگ فیلڈ کا جنازہ ہے ذرا دھوم سے نکلے۔ حافظ نعیم الرحمان

لاہور(مانیٹرنگ ڈیسک) جماعت اسلامی کی پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کو بلے کا نشان نہ دینے کے فیصلے پر تنقید سامنے آگئی۔ جماعت اسلامی کے سینیٹر مشتاق احمد خان اور امیر جماعت اسلامی کراچی حافظ نعیم الرحمان نے پی ٹی آئی کو بلے کا نشان نہ دیے جانے پر اظہار خیال کیا ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ پر سینیٹر مشتاق احمد خان نے کہا کہ انتخابی نشان چھیننا لیول پلیئنگ فیلڈ سے محروم کرنا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ امیدواروں، (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر27)

پی پی کا نامزد امیدواروں کو تیر کے نشان سے محروم رکھنے پر تشویش کا اظہار

مرکزی ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات چوہدری منور انجم نے چیف الیکشن کمیشن کو خط لکھ دیا

لاہور(این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات چوہدری منور انجم نے چیف الیکشن کمیشن کو خط لکھ کر پنجاب میں پیپلز پارٹی کے نامزد امیدواروں کو تیر کے نشان سے محروم رکھنے کے حوالے سے تشویش کا اظہار کیا ہے۔ منور انجم کی جانب سے لکھے گئے خط میں کہا گیا (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر24)

وزیر اعظم آزاد کشمیر سے صدر مسلم لیگ ن آزاد کشمیر شاہ غلام قادر کی ملاقات

مسئلہ کشمیر کی تازہ صورتحال، آزاد کشمیر میں تعمیر و ترقی اور سیاسی معاملات پر تبادلہ خیال

اسلام آباد(سٹاف رپورٹر) وزیر اعظم آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر چوہدری انوار الحق سے مسلم لیگ ن آزاد کشمیر کے صدر شاہ غلام قادر نے ملاقات کی۔ ملاقات میں مسئلہ کشمیر کی تازہ صورتحال، آزاد کشمیر میں تعمیر و ترقی اور سیاسی معاملات پر تبادلہ خیال کیا گیا (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر23)

We are ... Martyres
Faisalabad Police

فیصل آباد: آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور پولیس شہدا کے اہل خانہ کو ہاؤسنگ پلاٹس کے ملکیتی کاغذات پیش کر رہے ہیں

پشاور سے الیکشن لڑنے والوں کو بھی نشانات الاٹ

(ن) لیگ کو شیر اور عوامی نیشنل پارٹی کو لالٹین کا انتخابی نشان الاٹ

پشاور(سٹاف رپورٹر) پشاور سے قومی اسمبلی کے 5 اور صوبائی اسمبلی کے 13 حلقوں کے امیدواروں کو بھی نشانات الاٹ کر دیئے گئے۔ پیپلز پارٹی کے امیدواروں کو تیر، مسلم لیگ (ن) کے امیدواروں کو شیر اور عوامی نیشنل پارٹی کو لالٹین کا انتخابی نشان الاٹ کیا گیا ہے۔ جماعت اسلامی کو ترازو، جے یو آئی ف کو کتاب، قومی وطن پارٹی کو چراغ، پی ٹی آئی پارلیمنٹیرین کو (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر28)

رحیم یار خان، ڈی سی اور ڈی آر او آفس میں پی ٹی آئی امیدوار زبردستی گھس گئے

رحیم یار خان(سٹاف رپورٹر) ڈپٹی کمشنر نے کہا ہے کہ رحیم یار خان میں ڈی سی اور ڈی آر او آفس میں پی ٹی آئی امیدوار زبردستی گھس گئے، حلقہ این اے 171 سے پی ٹی آئی امیدوار انتخابی دستاویزات میں من پسند رد و بدل کرنا چاہتے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر22)

لاہور: پاکستان مسلم لیگ کے سربراہ چوہدری شجاعت حسین اور مرکزی رہنما چوہدری سالک حسین سے سندھ کے سیکرٹری اطلاعات محمد صادق شیخ ملاقات کر رہے ہیں

لیگی رہنما میاں نوید علی کا آزاد حیثیت سے الیکشن لڑنے کا اعلان

پارٹی نے وفا نہیں کی لیکن ہم الیکشن جیت کر بھی وفا کریں گے، بیان

لاہور(این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما میاں نوید علی کو پارٹی کی جانب سے ٹکٹ نہ ملنے پر عام انتخابات 2024 میں آزاد حیثیت سے حصہ لینے کا اعلان کر دیا۔ پنجاب کے ضلع پاکپتن سے تعلق رکھنے والے سابق لیگی ممبر پنجاب اسمبلی میاں نوید علی ٹکٹ نہ ملنے پر پارٹی سے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر12)

سپریم کورٹ کا فیصلہ قانون اور قاعدے کے مطابق ہے، خواجہ آصف

سیالکوٹ(سٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما خواجہ آصف نے کہا ہے کہ سپریم کورٹ کا فیصلہ قانون اور (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر13)

اسلام آباد سے تمام امیدواروں کو انتخابی نشانات جاری

قومی اسمبلی کے حلقہ این اے 46 میں مجموعی طور پر 44 امیدوار میدان میں اتریں گے

اسلام آباد(سٹاف رپورٹر) ڈسٹرکٹ ریٹرننگ آفس اسلام آباد کی جانب سے تمام امیدواروں کو انتخابی نشانات جاری کر دیئے گئے۔ اسلام آباد کے 3 حلقوں سے مجموعی طور پر 119 امیدواروں کو انتخابی نشانات جاری کیے گئے ہیں۔ قومی اسمبلی کے حلقہ این اے 46 میں مجموعی طور پر 44 امیدوار میدان میں اتریں گے، این اے 46 سے 29 امیدوار آزاد حیثیت اور 16 جماعتوں کے امیدوار قسمت آزمائی کریں گے، این اے 46 میں آزاد امیدوار مصطفین کاظمی کا انتخابی نشان پیرا شوٹ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر29)

نگران وزیر اعظم ورلڈ اکنامک فورم کے 54 ویں سالانہ اجلاس میں شرکت کیلئے (آج) سے 19 جنوری کو سوئٹزرلینڈ کا دورہ کرینگے

اسلام آباد(سٹاف رپورٹر) نگران وزیر اعظم انوار الحق کاکڑ ورلڈ اکنامک فورم کے 54 ویں سالانہ اجلاس میں شرکت کیلئے (آج) پیر 15 تا 19 جنوری 2024 کو ڈیووس، سوئٹزرلینڈ کا (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر21)

جنرل نشستوں پر خواتین امیدواروں کی 5 فیصد نمائندگی لازمی قرار

سیاسی جماعتیں 5 دن میں جنرل نشستوں پر مرد اور خواتین امیدواروں کی فہرست جمع کرائیں، الیکشن کمیشن

اسلام آباد(سٹاف رپورٹر) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے جنرل نشستوں پر خواتین امیدواروں کی 5 فیصد نمائندگی لازمی قرار دے دی ہے۔ الیکشن کمیشن کے مطابق سیاسی جماعتوں کیلئے جنرل نشستوں پر خواتین امیدواروں کی 5 فیصد نمائندگی لازمی ہونی چاہیے۔ الیکشن کمیشن نے بتایا کہ سیاسی جماعتیں 5 دن میں جنرل نشستوں پر مرد اور خواتین امیدواروں کی فہرست جمع کرائیں۔

کچھ نشستوں پر سیٹ ایڈجسٹمنٹ کی ہے، جہانگیر ترین

کسی کا بھی میڈیا ٹرائل نہیں ہونا چاہیے، الیکشن پاکستان کی ضرورت ہے، یقین ہے کہ انتخابات وقت پر ہوں گے۔

عوام کا سب سے بڑا مسئلہ مہنگائی ہے، اگر مہنگائی کو کنٹرول نہیں کر سکے تو یہ ہماری ناکامی ہوگی، جہانگیر ترین

لاہور(مانیٹرنگ ڈیسک) استحکام پاکستان پارٹی (آئی پی پی) کے سربراہ جہانگیر ترین کا کہنا ہے کہ ہماری پارٹی چند ماہ پرانی ہے، کچھ نشستوں پر سیٹ ایڈجسٹمنٹ کی ہے۔ ملتان میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے جہانگیر ترین نے کہا کہ کسی کا بھی میڈیا ٹرائل نہیں ہونا چاہیے، الیکشن پاکستان کی ضرورت ہے، یقین ہے کہ انتخابات وقت پر ہوں گے۔ جہانگیر ترین نے مزید کہا کہ عوام کا سب سے بڑا مسئلہ مہنگائی ہے، اگر مہنگائی کو کنٹرول نہیں کر سکے تو یہ ہماری ناکامی ہوگی، دو نشستوں پر الیکشن لڑ رہا ہوں، عقاب کے نشان پر انتخابات میں حصہ لے رہے ہیں، ہماری جماعت نئی ہے مگر پیغام پرانا (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر14)

پاکستان کا سب سے بڑا مسئلہ بوسیدہ نظام ہے، نگراں وزیر آئی ٹی

ہمارے ادارے سست ہیں، پالیسیوں کا تسلسل نہیں، ہمیں نظام میں بنیادی اصلاحات کرنے کی ضرورت ہے، عمر سیف

اسلام آباد(سٹاف رپورٹر) نگراں وزیر آئی ٹی ڈاکٹر عمر سیف نے کہا ہے کہ پاکستان کا سب سے بڑا مسئلہ بوسیدہ نظام ہے۔ ڈاکٹر عمر سیف نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ ہمارے ادارے سست ہیں، پالیسیوں کا تسلسل نہیں، ہمیں نظام میں بنیادی اصلاحات کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے ایس آئی ایف سی کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ خصوصی سرمایہ کاری کی سہولت کونسل (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر30)

طورخم سرحد دو طرفہ تجارت کیلئے آج دوسرے روز بھی بند

طورخم(سٹاف رپورٹر) پاکستان اور افغانستان کے درمیان طورخم سرحدی گزرگاہ 2 طرفہ تجارت کیلئے دوسرے روز بھی بند رہی۔ کسٹم ذرائع کے مطابق طورخم سرحدی گزر گاہ کے دونوں جانب مال بردار گاڑیاں پھنسی ہوئی ہیں، کار (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر20)

مختلف واقعات میں 3 افراد جان کی بازی ہار گئے

سندر کے علاقے میں تیز رفتار ٹرک نے 35 سالہ شخص کو کچل دیا

لاہور(این این آئی) داتا دربار، ٹبی سٹی، سندر میں مختلف واقعات میں 3 افراد جان کی بازی ہار گئے۔ ایدھی ترجمان کے مطابق دربار گیٹ نمبر 4 کے قریب سے 40 سالہ شخص بے ہوشی حالت میں ملا جو دوران علاج ہسپتال میں دم توڑ گیا۔ ٹبی سٹی کے علاقہ علی پارک کے قریب (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر19)

سابق وفاقی وزیر شیخ رشید کا این اے 56 سے انتخابی مہم کا آغاز

ذہنی فیصلہ کرتے وقت دیکھنا ہو گا اس شہر کی خدمت کس سیاست دان نے کی اور کرے گا

راولپنڈی(سٹاف رپورٹر) سربراہ عوامی مسلم لیگ اور سابق وفاقی وزیر شیخ رشید احمد نے حلقہ این اے 56 سے اپنی انتخابی مہم کا آغاز کر دیا۔ لال حویلی کے باہر سابق وفاقی وزیر داخلہ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر15)

سینئر سیاستدان جاوید ہاشمی کے داماد زاہد بہار گرفتار

ملتان(سٹاف رپورٹر) سینئر سیاستدان جاوید ہاشمی کے داماد زاہد بہار کو ملتان (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر16)

صوبے بھر میں ڈینگی کا ایک نیا مریض سامنے آیا

پنجاب کے ہسپتالوں میں اس وقت 7 مریض زیر علاج ہیں

لاہور(این این آئی) گزشتہ روز صوبے بھر میں ڈینگی کا ایک نیا مریض سامنے آیا۔ سیکرٹری صحت علی جان خان کے مطابق نئے سال کے دوران پنجاب میں ابھی تک ڈینگی کے کل 16 نئے مریضوں کی تصدیق ہوئی ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹے کے دوران راولپنڈی میں ڈینگی کا ایک نیا مریض (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر18)

شاہد خاقان نے نواز شریف کے اقتدار سے متعلق جو بات کی وہ درست نہیں' مصدق ملک

نواز شریف قد آور شخصیت ہیں ان کے آنے سے تہلکہ مچ جاتا ہے' سینئر رہنما (ن) لیگ

لاہور(این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما مصدق ملک نے کہا ہے کہ شاہد خاقان عباسی ہمارے دوست رہے ہیں انکے بیان پر تبصرہ نہیں کرنا چاہتا، انہوں نے جو بھی نواز شریف کے اقتدار کے متعلق بات کی وہ درست نہیں ہے، شاہد خاقان عباسی جس جماعت پر تنقید (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر17)

لاہور: امیدوار قومی اسمبلی حلقہ این اے 128 لیاقت بلوچ گارڈن ٹاؤن میں مرکزی انتخابی دفتر کا افتتاح کر رہے ہیں

اسلام آباد: نگراں وزیر اعلیٰ کے پی کے جسٹس (ر) ارشد حسین شاہ سے پاکستان میں تعینات ترکیہ کے سفیر ڈاکٹر مہمت پاچاجی ملاقات کر رہے ہیں

روزنامہ
DAILY MASAFAT LAHORE
مسافت
لاہور
بانی
اصغر علی جٹ (مرحوم)
ایگزیکٹو ایڈیٹر
چوہدری اکرم مجید
چیف ایڈیٹر
مسز راحت آراء
ایڈیٹر
حیدر علی بھٹی

انتخابی نشان بلے سے متعلق مقدمے کی سماعت

سپریم کورٹ آف پاکستان نے پاکستان تحریک انصاف کے انتخابی نشان بلے سے متعلق مقدمے کی سماعت کے موقع پر ریمارکس دیتے ہوئے کہا ہے کہ اگر انٹرا پارٹی انتخابات درست نہ ہوئے تو پی ٹی آئی کو نتائج کا سامنا کرنا پڑیگا، بنیادی چیز جمہوریت ہے، ملک اور سیاسی جماعتوں میں بھی جمہوریت ہونی چاہیے، کسی آئینی ادارے کا کام خود نہیں کریں گے۔ جمعہ کو چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کی سربراہی میں جسٹس محمد علی مظہر، جسٹس مسرت ہلالی پر مشتمل تین رکنی بینچ نے کیس کی سماعت کی۔ الیکشن کمیشن کے وکیل مخدوم علی خان اور قانونی ٹیم، پی ٹی آئی کے بیرسٹر گوہر علی خان، وکیل حامد خان، وکیل شعیب شاہین، پی ٹی آئی چیف الیکشن کمشنر نیاز اللہ نیازی بھی کمرہ عدالت میں موجود رہے، اس کے علاوہ علی ظفر لاہور رجسٹری سے ویڈیو لنک پر موجود تھے۔ الیکشن کمیشن کے وکیل مخدوم علی خان روسٹرم پر آئے تو چیف جسٹس نے سوال کیا کہ کیا پشاور ہائی کورٹ کا تفصیلی فیصلہ آ گیا ہے؟ جس پر پی ٹی آئی کے وکیل حامد خان نے عدالت کو جواب دیا کہ تفصیلی فیصلہ ابھی نہیں آیا۔ بعد ازاں مخدوم علی خان نے بلے کا نشان واپس کرنے کا فیصلہ پڑھ کر سنایا، جس کے بعد تحریک انصاف کے وکیل حامد خان نے موقف اپنایا کہ ہمیں کوئی نوٹس موصول نہیں ہوا۔ چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے حامد خان سے سوال کیا کہ آپ مقدمے کے لیے کب تیار ہوں گے؟ جس پر پی ٹی آئی کے وکیل نے جواب دیا کہ پیر کو سماعت رکھ لیں۔ وکیل الیکشن کمیشن نے کہا کہ (آج) ہفتہ کو امیدواروں کو انتخابی نشان الاٹ ہونے ہیں جس پر چیف جسٹس نے کہا کہ پیر تک سماعت ملتوی کرنے کے لیے ہائی کورٹ کا حکم معطل کرنا پڑے گا، ہم تو ہفتے اور اتوار کو بھی سماعت کیلئے تیار ہیں جس پر وکیل حامد خان نے جواب دیا کہ اس صورت میں تیاری کیلئے (آج) ہفتہ تک کا وقت دیں۔ الیکشن کمیشن کے وکیل مخدوم علی خان نے عدالت میں مقف اپنایا کہ تحریک انصاف کے گزشتہ پارٹی انتخابات 2017 میں ہوئے تھے، پارٹی آئین کے مطابق تحریک انصاف 2022 میں پارٹی انتخابات کرانے کی پابند تھی، الیکشن کمیشن نے پارٹی آئین کے مطابق انتخابات نہ کرانے پر پی ٹی آئی کو نوٹس جاری کیا جس پر جسٹس محمد علی مظہر نے کہا کہ پی ٹی آئی کے آئین میں الیکشن کمشنر کی تعیناتی کا طریقہ کار کہاں درج ہے؟ وکیل مخدوم علی خان نے جواب دیا کہ پہلے جمال انصاری بعد میں نیاز اللہ نیازی پی ٹی آئی کے چیف الیکشن کمشنر بنے۔ چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے کہا کہ پارٹی آئین کے مطابق الیکشن کمیشن کے باقی ارکان کون تھے؟ جس پر وکیل مخدوم علی خان نے جواب دیا کہ چیف الیکشن کمشنر کے علاوہ کوئی اور ممبر تعینات نہیں تھا۔ چیف جسٹس نے تحریک انصاف کے وکیل حامد خان سے سوال کیا کیا یہ بات درست ہے؟ جس پر حامد خان نے جواب دیا کہ الیکشن کمیشن کے وکیل کی یہ بات درست نہیں۔ چیف جسٹس نے کہا کہ الیکشن کمیشن ارکان کی تقرری کی دستاویزات کہاں ہیں؟ تحریک انصاف کے وکیل نے جواب دیا کہ کیس کی تیاری کیلئے وقت اسی لئے مانگا تھا، الیکشن کمیشن کی اپیل قابل سماعت اور حق دعوی نہ ہونے پر بھی دلائل دوں گا، مناسب ہوگا پہلے حق دعوی اور قابل سماعت ہونے کا نکتہ سن لیں۔ الیکشن کمیشن کے وکیل مخدوم علی خان نے کہا کہ انٹرا پارٹی الیکشن کیلئے پی ٹی آئی کے الیکشن کمیشن کی تشکیل قانونی طور پر درست نہیں تھی۔ چیف جسٹس نے پی ٹی آئی وکیل سے استفسار کیا کہ کیا یہ حقیقت درست ہے؟ جس پر حامد خان نے جواب دیا کہ یہ بات درست نہیں الیکشن کمیشن کی اپیل قابل سماعت نہیں ہے۔ چیف جسٹس نے کہا کہ اگر اپیل کے قابل سماعت ہونے کا اعتراض ہے تو حامد خان پہلے آپ دلائل دیں۔ پی ٹی آئی کے وکیل حامد خان نے الیکشن کمیشن کی اپیل پر اعتراض کر دیا۔ تحریک انصاف کے وکیل نے کہا کہ الیکشن کمیشن سپریم کورٹ میں اپیل دائر نہیں کر سکتا، متاثرہ فریق نے اپیل کرنا ہوتی ہے الیکشن کمیشن نے نہیں جس پر چیف جسٹس نے کہا کہ کیا الیکشن کمیشن اپنے حکم کا دفاع نہ کرے۔ تحریک انصاف کے وکیل نے کہا کہ کیا کوئی جج بھی اپنے فیصلے کے خلاف اپیل دائر کر سکتا ہے؟ چیف جسٹس نے کہا کہ سیاسی جماعتوں کو ریگولیٹ کرنا اور شفاف انتخابات کرانا الیکشن کمیشن کی ذمہ داری ہے جس پر حامد خان نے کہا کہ سپریم کورٹ قرار دے چکی ہے کہ کوئی ادارہ اپنے فیصلے کے دفاع میں اپیل نہیں کر سکتا۔ چیف جسٹس نے کہا کہ کسٹم کلیکٹر بھی اپنے فیصلے کے خلاف ہائی کورٹ میں اپیلیں کرتے ہیں، قابل سماعت ہونے کا سوال تو پھر پی ٹی آئی کی ہائی کورٹ اپیل پر بھی آئے گا، الیکشن کمیشن اپیل نہ کرے تو اس کے فیصلے بے معنی ہو جائیں گے جس پر تحریک انصاف کے وکیل نے مقف اپنایا کہ متاثرہ فریق اپیل کر سکتا ہے الیکشن کمیشن نہیں، کیا ڈسٹرکٹ جج خود اپنا فیصلہ کالعدم ہونے کی خلاف اپیل کر سکتا ہے؟ چیف جسٹس نے کہا کہ ڈسٹرکٹ جج عدلیہ کے ماتحت ہوتا ہے الیکشن کمیشن الگ آئینی ادارہ ہے، کیا الیکشن کمیشن اپنے خلاف فیصلہ آنے پر سرینڈر کر دے؟۔ وکیل حامد خان نے کہا کہ عدالت نے مسابقتی کمیشن اور وفاقی محتسب کے کیسز میں اداروں کو اپنے فیصلوں کیخلاف اپیلوں سے روکا تھا۔ چیف جسٹس نے سوال کیا کہ کیا آئینی اداروں پر ان فیصلوں کا اطلاق ہو سکتا ہے؟ قانون اور آئین کے تحت قائم ادارے ایک جیسے نہیں ہو سکتے، آئین کے تحت بنا الیکشن کمیشن آئین کے مطابق ہی اختیارات استعمال کرے گا، کوئی ایسا فیصلہ دکھائیں جہاں آئینی اداروں کو اپیلوں سے روکا گیا

حلقہ پی پی 130 کے لئے 14 امیدواروں کو انتخابی نشان الاٹ کر دیئے گئے

جن میں سے 7 امیدواروں کو سیاسی پارٹیوں کے انتخابی نشانات الاٹ کئے گئے

احمد پور سیال (تحصیل رپورٹر) حلقہ پی پی 130 کے لئے 14 امیدواروں کو انتخابی نشان الاٹ کر دیئے گئے جن میں سے 7 امیدواروں کو سیاسی پارٹیوں کے انتخابی نشانات الاٹ کئے گئے ہیں جبکہ 7 آزاد امیدوار ان کی حیثیت سے عام انتخابات 2024 میں حصہ لے رہے ہیں۔ ریٹرننگ آفیسر حلقہ پی پی 130 جھنگ 6 محمد عرفان ہنجرا کی طرف سے پاکستان مسلم لیگ)ج (کے محمد رفیق کو انتخابی نشان بس، پاکستان مسلم لیگ)ن (کے امیدوار امیر عباس خان سیال کو شیر کا انتخابی نشان الاٹ کیا گیا ہے۔ پاکستان پیپلز پارٹی کے مہر عابد دوانہ کو تیر، جماعت اسلامی کے ڈاکٹر اعجاز علی چشتی کو ترازو، تحریک لبیک پاکستان کے محمد رمضان مصطفیٰ کو کرین پاکستان مرکزی مسلم لیگ کے محمد عمر شریف کو کرسی، تحریک لبیک اسلام کے محمد توصیف کو توپ کا انتخابی نشان الاٹ کیا گیا ہے۔ جبکہ پی ٹی آئی کے سابق صوبائی پارلیمانی سیکرٹری رانا شہباز احمد خاں کو انتخابی نشان گھڑیال اور ان کی مسز خدیجہ شہباز آزاد امیدوار کو چارپائی کا نشان الاٹ کیا گیا ہے آزاد امیدوار طاہر نواز خان کو انتخابی نشان بھیڑ، آزاد امیدوار محمد رمضان کو انتخابی نشان ریچھ، آزاد امیدوار محمد متین قیصر ندیم کو بکری، آزاد امیدوار نوازش علی خان سیال کو درانتی اور ازاد امیدوار الحاج خان نذر عباس خان سیال کو ہوائی جہاز کا نشان الاٹ کیا گیا ہے

جب وہ پارٹی ٹکٹ جمع کروانے ریٹرننگ آفیسر کے دفتر پہنچے تو انہیں بتایا گیا کہ میرے کاغذات نامزدگی ایک اشٹام پیپر کے ذریعے واپس لے لیے گئے ہیں، محمد الیاس

سرائے عالمگیر (نامہ نگار) پاکستان تحریک انصاف کے حلقہ این اے 62 سرائے عالمگیر سے امیدوار محمد الیاس چوہدری حلقہ پی پی 27 سے پ ٹ آ ء کے امدوار چوہدری نعمان اشرف اڈووکٹ نے ایک ویڈیو بیان میں کہا ہے کہ جب وہ پارٹی ٹکٹ جمع کروانے ریٹرننگ آفیسر کے دفتر پہنچے تو انہیں بتایا گیا کہ میرے کاغذات نامزدگی ایک اشٹام پیپر کے ذریعے واپس لے لیے گئے ہیں جبکہ انکے کورنگ امیدوار کے کاغذات نامزدگی بھی مبینہ طور پر جعلی اشٹام پیپر لگا کر واپس لے لیے گئے ہیں محمد الیاس چوہدری نے اپنے ویڈیو بیان میں کہا کہ وہ کاغذات نامزدگی کی بحالی کے لیے عدالت رجوع کر رہے ہیں

سرائے عالمگیر بولانی پولیس نے چار رکنی مویشی چور گروہ کو مویشیوں سمیت گرفتار کر لیا

۔۔۔۔ سرائےعالمگیر) نامہ نگار (سرائے عالمگیر بولانی پولیس نے چار رکنی مویشی چور گروہ کو مویشیوں سمیت گرفتار کر لیا ایس ایچ او تھانہ بولانی فہد الرحمٰن وڑائچ نے ڈی ایس پی سرائے عالمگیر مدثر اقبال گجر کی سربراہی میں مختلف مقامات پر چھاپے مار کر چار رکنی مویشی چور گروہ ظہیر اصغر، اظہر امتیاز، بلال حسن، رحمان رفیع کو گرفتار کر کے انکے قبضے سے بارہ لاکھ مالیت کے مویشی برآمد کر کے انکے خلاف مقدمات درج کر دیا

پاکستان تحریک انصاف نے محمد الیاس چوہدری، چوہدری نعمان اشرف کو پارٹی ٹکٹ جاری کر دیئے

سرائے عالمگیر (نامہ نگار) پاکستان تحریک انصاف نے محمد الیاس چوہدری، چوہدری نعمان اشرف کو پارٹی ٹکٹ جاری کر دیئے پاکستان تحریک انصاف نے حلقہ این اے 62 سرائے عالمگیر سے پی ٹی آئی کے مرکزی جوائنٹ سیکرٹری محمد الیاس چوہدری کو اور حلقہ پی پی 7 2 سرائےعالمگیر سے چوہدری نعمان اشرف ایڈووکیٹ کو پارٹی ٹکٹ جاری کر دیئے

لاہور: امیدوار ایم این اے NA121 الحاج شیخ روحیل اصغر یوسی 155 ملک صابر کے زیر اہتمام کارنر میٹنگ سے خطاب کر رہے ہیں

حلقہ کی ترقی عوامی مسائل حل کرنے کے لیے آزاد امیدوار کی حیثیت سے ایم پی اے کا الیکشن لڑنے کا فیصلہ کیا ھے، چوہدری حلیم اختر

(نوشہرہ ورکاں تحصیل رپورٹر) حلقہ پی پی 64 گوجرانولہ سے آزاد امیدوار الیکشن لڑنے کا اعلان کر دیا حلقہ کی ترقی عوامی مسائل حل کرنے کے لیے آزاد امیدوار کی حیثیت سے ایم پی اے کا الیکشن لڑنے کا فیصلہ کیا ھے ان خیالات کا اظہار چوہدری حلیم اختر بھولی گجر اف مرالیوالہ نے دفتر تحصیلی پریس کلب رجسٹرڈ میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ میں نے اس سے قبل 3 الیکشن لڑے ہیں تینوں الیکشن بھاری اکثریت سے اللہ تعالی نے کامیابی سے نوازا میری لیڈ عوام کی محبت کا ثبوت ھے عوام کی محبت کو مد نظر رکھتے ہوئے عوام کی خدمت کے سلسلے کو آگے بڑھاتے ہوئے حلقہ پی پی 64 سے بطور آزاد امیدوار ایم پی اے الیکشن لڑنے کا فیصلہ کیا ھے یہ سب میرے حلقہ کے عوام کی محبت ھے 2001 میں تحصیل صدر گوجرانولہ میں بطور کسان ممبر 460 ووٹ لیکر پنجاب میں پہلی پوزیشن حاصل کی بطور تحصیل ممبر میں نے اپنے حلقہ کی 40 یونین کونسلوں میں 7/8 کروڑ روپے کے مثالی ترقیاتی کام کروائے 2005 میں ممبر ڈسٹرکٹ کونسل گوجرانولہ میں 128 ووٹ لیکر ضلع گوجرانولہ میں پہلی پوزیشن حاصل کی بحثیت ممبر ڈسٹرکٹ کونسل مرالیوالہ مین بازار۔ گجرنان مین بازار۔ گلہ ڈاکٹر آصف بٹ والا۔ باجوہ کالونی سمیت دیگر ترقیاتی کاموں پر 40/50 کروڑ روپے کے ترقیاتی کام کروائے 2015 میں بلدیاتی الیکشن میں یونین کونسل مرالیوالہ میں چیرمین منتخب ہوئے 955 ووٹ کی لیڈ کے ساتھ میں نے اپنے حلقہ یونین کونسل مرالیوالہ میں 33/34 کروڑ روپے کی لاگت سے ترقیاتی کام کروائے میں نے عوام کی محبت سے متاثر ہو کر حلقہ پی پی 64 میں آزاد امیدوار کی حیثیت سے الیکشن لڑنے کا فیصلہ کیا ھے حلقہ کی عوام نے میرا بھر پور ساتھ دینے کا اعلان کر کے دل جیت لیے ہیں کامیاب ہو کر حلقہ کی خدمت میں پیش پیش رہوں گا حلقہ کی محرومیاں ختم کرنا اولین ترجیح ھے نوجوان نسل کو تعلیم کے زیور سے سرشار کرونگا تا کہ حلقہ کے باسی بھر پور ترقی کریں اور ملک کا نام روشن کریں حلقہ کی ترقی ہی میری اصل کامیابی ہوگی حلقہ کی عوام کی خدمت کے لیے میرے دروازے ہمہ وقت کھلے ہیں عوام کی خدمت کرنے میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھوں گا عوام کی خدمت کر کے دل کو سکون ملتا ھے

نوشہرہ ورکاں تحصیل بار الیکشن چوہدری ظہیر اکرم گورایہ ایڈووکیٹ صدر، راسبطین علی خاں ایڈووکیٹ جنرل سیکرٹری منتخب

(نوشہرہ ورکاں تحصیل رپورٹر) نوشہرہ ورکاں تحصیل بار الیکشن چوہدری ظہیر اکرم گورایہ ایڈووکیٹ صدر، راسبطین علی خاں ایڈووکیٹ جنرل سیکرٹری منتخب ان کے ساتھیوں کی ڈھول کی تھاپ پر بھنگڑے، شاندار استقبال کیا گیا مبارکبادوں کا سلسلہ جاری تفصیلات کے مطابق تحصیل بار ایسوسی ایشن نوشہرہ ورکاں کے انتخابات برائیسال 2024 /25 مکمل ہو گئے ہیں چیر مین الیکشن بورڈ سید ظفر حسین شاہ ترمذی ایڈووکیٹ کی زیر نگرانی تحصیل کچہری میں منتخب ہوئے صدارتی امیدوار چوہدری ظہیر اکرم گورایہ 186 ووٹ لیکر صدر بار منتخب ہو گئے جبکہ مخالف امیدوار ملک ظہیر الدین ایڈوکیٹ 132 ووٹ لے سکے جنرل سیکرٹری کی سیٹ پر راسبطین علی خاں ایڈووکیٹ نے 306 ووٹ لیکر میدان مار لیا مخالف امیدوار محمد ذبیح اللہ مانگٹ ایڈووکیٹ کو 16 ووٹ ملے انتخابات کے نتائج آنے پر جیتنے والے امیدواروں کے حامیوں نے شدید نعرہ بازی کرتے ہوئے جشن منایا وکلا ڈھول کی تھاپ پر بھنگڑے ڈالتے اور نومنتخب عہدیداران پر پھولوں کی پتیاں نچھاور کرتے رہے مقامی پولیس ڈی ایس پی چوہدری محمد نواز ورک کی قیادت میں تحصیل کچہری میں سیکورٹی کے سخت انتظامات کر رکھے تھے

نگران وزیر اعلی پنجاب سید محسن نقوی نے سرگودھا پریس کلب کے لیے 50 لاکھ روپے کی گرانٹ جاری کر دی

سرگودھا) بیورو چیف رانا اسلم شاہین (نگران وزیر اعلی پنجاب سید محسن نقوی نے سرگودھا پریس کلب کے لیے 50 لاکھ روپے کی گرانٹ جاری کر دی ہے۔ گرانٹ کا چیک گذشتہ روز صدر سرگودھا پریس کلب مہر آصف حنیف اور جنرل سیکرٹری رانا ساجد اقبال نے وزیر اعلی ہاؤس لاہور میں منعقدہ ایک پر وقار تقریب کے دوران وصول کیا۔ اس موقع پر نگران وفاقی وزیر اطلاعات مرتضے سولنگی اور صوبائی وزیر اطلاعات عامر میر بھی موجود تھے۔ مہر آصف حنیف اور رانا ساجد اقبال نے وزیر اعلی کو سرگودھا میں صحافی کالونی کے قیام کے لئے درخواست پیش کی جس پر وزیر اعلی نے وعدہ کیا کہ صحافی کالونی سرگودھا کے صحافیوں کا حق ہے اور اس کے قیام کے لئے فوری اقدامات اٹھائے جائیں گے۔ اس موقع پر پنجاب کے دیگر پریس کلبوں کے عہدیدار بھی موجود تھے۔ وزیر اعلی نے ان سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ صحافی دور جدید کے تقاضوں سے ہم آہنگ ہو کر آگے بڑھیں اور ملکی سلامتی، معاشی ترقی اور جمہوریت کے استحکام کے لئے اپنا بھر پور کردار ادا کریں آنے والا دور ڈیجیٹل میڈیا کا ہے اب اخبار اور ٹی وی کا دور ختم ہو رہا ہے۔ صحافی ڈیجیٹل میڈیا کی تربیت حاصل کریں۔ انہوں نے کہا کہ ان گرانٹس سے پریس کلبوں میں جدید طرز کے سٹوڈیو اور الیکٹرونکس انسٹرومنٹ وغیرہ خریدے جائیں۔ اس سے نہ صرف انہیں اپنی آواز بلند کرنے اور مسائل کی نشاندہی کا موقع ملے گا بلکہ انہیں خدمات کا بہتر معاوضہ مل سکے گا۔ وزیر اعلی نے مجموعی طور پر پنجاب بھر کے پریس کلبوں میں 9 کروڑ 45 لاکھ روپے گرانٹ کے چیک تقسیم کئے۔ صدر مہر آصف حنیف اور جنرل سیکرٹری رانا ساجد اقبال نے وفاقی وزیر مرتضے سولنگی اور صوبائی وزیر اطلاعات حامد میر کو سرگودھا پریس کلب آمد کی دعوت دی۔ انہوں نے یہ دعوت قبول کرتے ہوئے کہا کہ وہ جلد یہ دورہ کریں گے۔ صدر سرگودھا پریس کلب نے کلب کی کارکردگی کو بہتر بنانے اور صحافیوں کو بہتر سہولیات کی فراہمی پر ڈائریکٹر تعلقات عامہ سرگودھا ڈویژن احمد نعیم ملک کے تعاون کو بھی سراہا۔ سرگودھا پریس کلب کے لئے 50 لاکھ کی گرانٹ کا چیک موصول ہونے پر عہدیداران اور ممبران کلب نے وزیر اعلی اور وفاقی وصوبائی وزیر اطلاعات کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب میں پہلی دفعہ کسی وزیر اعلی نے صحافیوں کو ڈیجیٹل ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ کرنے کے لیے ٹھوس اقدامات کیے ہیں۔

مشین محلہ نمبر تین اولڈ جی ٹی روڈ پر واقع سلطان ٹریڈر کریانہ سٹور میں صبح فجر کے وقت الیکٹرکل شارٹ سرکٹ کے باعث شدید آگ بھڑک اٹھی

جہلم (ڈپٹی بیورو چیف عتیق حسین) مشین محلہ نمبر تین اولڈ جی ٹی روڈ پر واقع سلطان ٹریڈر کریانہ سٹور میں صبح فجر کے وقت الیکٹرکل شارٹ سرکٹ کے باعث شدید آگ بھڑک اٹھی اہل علاقہ نے واقعے کی اطلاع ایمر جنسی ریسکیو 1122 پر کی، موقع پر ریسکیو 1122 کی گاڑیاں جس میں دو عدد فائر بریگیڈ اور ایک عدد ایمبولنس موقع پر پہنچ گئی کافی تگ ودو کے بعد آگ پر قابو پا لیا گیا آگ لگنے کی صورت میں سلطان ٹریڈر کریانہ سٹور میں کروڑوں کا سامان جل کر راکھ ہو گیا پولیس نے موقع پر پہنچ کر ابتدائی کاروائی کا اغاز کر دیا

ضلع میں انسداد پولیو کی جاری مہم کے دوران چھ روز میں 14 لاکھ 9 ہزار 140 بچوں کو پولیو سے بچا کے حفاظتی قطرے پلائے جا چکے ہیں، ڈپٹی کمشنر عبداللہ نیئر شیخ

فیصل آباد) شفاقت علی راجپوت (ضلع میں انسداد پولیو کی جاری مہم کے دوران چھ روز میں 14 لاکھ 9 ہزار 140 بچوں کو پولیو سے بچا کے حفاظتی قطرے پلائے جا چکے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر عبداللہ نیئر شیخ کی زیر صدارت انسداد پولیو کی جاری مہم کے اہداف کا ریویو اجلاس منعقد ہوا جس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہیڈ کوارٹرز کاشف رضا اعوان، سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر اسفند یار اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر عظمت عباس نے مہم پر عملدر آمد بارے جامع بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ مہم کے آخری روز پولیو ٹیموں کو متحرک رکھا جائے اور کسی وجہ سے رہ جانے والے بچوں کو قطرے پلانے کا ٹارگٹ مکمل کریں۔

چشتیاں بار ایسوسی ایشن کے سالانہ الیکشن میں پی ٹی آئی کا حمایت یافتہ عمران حسین چٹھہ گروپ کے پینل نے کامیابی حاصل کر لی



چشتیاں سے (چوہدری عثمان) چشتیاں بار ایسوسی ایشن کے سالانہ الیکشن میں پی ٹی آئی کا حمایت یافتہ عمران حسین چٹھہ گروپ کے پینل نے کامیابی حاصل کر لی ہے اور غلام رسول عاکوکا ایڈووکیٹ صدر اور وقاص اشرف ایڈووکیٹ جنرل سیکرٹری منتخب ہو گئے، الیکشن بورڈ بار چشتیاں کے مطابق 345 وکلا نے اپنے ووٹ کا استعمال کیا، نومنتخب صدر غلام رسول عاکوکا نے 181 ووٹ انکے مخالف جاوید اقبال نے 162 ووٹ، نائب صدر اعظم منظور جاوید 197 ووٹ، شہزاد سرور 137 ووٹ، جنرل سیکرٹری وقاص اشرف 186 ووٹ، محمد عمران 159 ووٹ جوائنٹ سیکرٹری امجد ریاض 181 ووٹ، محمد اسحاق 1 6 1 ووٹ، فنانس سیکرٹری حافظ وسیم 187 ووٹ، اظہار احمد 156 ووٹ، لائبریری سیکرٹری مقبول حسین 1 8 0 ووٹ، حسن محمود 3 6 1 ووٹ، ایگزیکٹو ممبران میڈم لبنی صدیق 1 9 0 ووٹ، شفیق احمد 1 9 5 ووٹ، محمد ارشد 1 8 6 ووٹ، محمد کاشف 1 9 0 ووٹ، خرم مرتضی 188 ووٹ، محمد منیر 153 ووٹ، نقیب عالم 148 ووٹ، جاوید اقبال 157 ووٹ، راشد علی 153 ووٹ، مہتاب طارق 155 ووٹ لے کر کامیاب ہوئے ہیں۔

لاڑکانہ مین وفاق المدارس صوبہ سندھ معاون ناظم مولانا ناصر خالد محمود سومرو کے صدارت میں منعقد ھوا

لاڑکانہ (بیورو پورٹ) وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی جانب سے تدریب المحتممین پروگرام جامعہ اسلامیہ اشاعت القرآن والحدیث لاڑکانہ مین وفاق المدارس صوبہ سندھ معاون ناظم مولانا ناصر خالد محمود سومرو کے صدارت میں منعقد ھوا، جس مین ڈویژن سکھر اور لاڑکانہ کے محتممین نے شرکت کی، اجلاس کی کاروائی معاون علاقائی ناظم قاری حماد اللہ شیخ نے چلائی تدریب المحتممین میں وفاق المدارس کے طرف سے تحفیظ القرآن کے قواعد وضوابط امتحانات پر بریفنگ دی گی، مسل مولانا عبدالرحمٰن پھل، مسل مولانا فرحان احمد سومرو، شیخ الحدیث مفتی قاری غلام رسول عباسی، ڈاکٹر مولانا محمد علی فاروقی، مولانا عبدالباسط آرائین اور دیگر نے شرکت کی اس موقعی پر حفظ کے امتحان لیکیکیٹر یقیکار قواعد وضوابط بتاے گیا ور خطاب کرتھوئے شرکا نیکھا کہ قرآن مجید اللہ تعالی کا کلام، اس کی آخری کتاب اور اس کا ایک معجزہ ہے۔ یہ دنیا میں سب سے زیادہ پڑھی جانے والی کتاب ہے۔ اس نے اپنے سے پہلے کی سب الہامی کتابوں کو منسوخ کر دیا ہے۔ اور ان میں سےکوئی بھی آج اپنی اصل صورت میں محفوظ نہیں۔ البتہ قرآن تمام پہلی کتابوں کی تعلیمات کو اپنے اندر سمیٹے ہوئے ہے۔ اور قرآن مجید واحد ایسی کتاب کے جو پوری انسانیت کیلیے رشد وہدایت کا ذریعہ ہے اللہ تعالی نے اس کتاب ہدایت میں انسان کو پیش آنے والےتمام مسائل کو تفصیل سے بیان کر دیا ہے جیسے کہ ارشادگرامی ہے کہ ونزلنا علی الکتاب تبیانا لکل شی قرآن مجید سیکڑوں موضوعات پر مشتمل ہے۔ مسلمانوں کی دینی زندگی کا انحصار اس مقدس کتاب سے وابستگی پر ہے اور یہ اس وقت تک ممکن نہیں جب تک اسے پڑھا اور سمجھا نہ جائے۔ قرآن کریم کا یہ اعجاز ہے کہ اللہ تعالی نے قرآن کی حفاظت کا ذمہ خود لیا۔ اور قرآن کریم ایک ایسا معجزہ ہے کہ تمام مخلوقات مل کر بھی اس کی مثال پیش کرنے سے قاصر ہیں۔ قرآن کی عظمت کا اندازہ اس امر سے بھی لگایا جاسکتا ہے ہ یہ کتاب جس سرزمین پر نازل ہوئی اس نے وہاں کے لوگوں کو فرش خاک سے اوج ثریا تک پہنچا دیا۔ اس نیان کو دنیا کی عظیم ترین طاقت بنا دیا۔ قرآن واحادیث میں قرآن اور حاملین قرآن کے بہت فضائل بیان کے گئے ہیں اور ایک حدیث مبارکہ میں قوموں کی ترقی اور تنزلی کو بھی قرآن مجید پر عمل کرنے کیساتھ مشروط کیا ہے۔ تاریخ گواہ کہ جب تک مسلمانوں نے قرآن وحدیث کو مقدم رکھا اور اس پر عمل پیرا رہے تو وہ دنیا میں غالب اور سربلند رہے۔ انہوں نے تین براعظموں پر حکومت کی اور دنیا کو اعلی تہذیب وتمدن اور بہترین نظام زندگی دیا۔ اور جب قرآن سے دوری کا راستہ اختیار کیا تو مسلمان تنزلی کا شکار ہو گئے۔

ایس ایس پی لاڑکانہ جناب سید عبدالرحیم شیرازی صاحب کی زیر صدارت لاڑکانہ پولیس کا اجلاس

ایس ایس پی لاڑکانہ جناب سید عبدالرحیم شیرازی صاحب کی زیر صدارت لاڑکانہ پولیس کا اجلاس۔ اجلاس میں عام انتخابات، جرائم پیشہ افراد کے خلاف کاروائیاں اور پولیس کارکردگی سمیت دیگر محکمانہ امور کے معاملات زیر غور رہے۔ شہدائے پولیس کانفرنس حال میں جاری اجلاس کے دوران جناب ایس ایس پی صاحب لاڑکانہ نے تمام تھانوں کی کارکردگی اور تھانوں کی حدود میں جرائم کے اعداد وشمار کا تفصیلی جائزہ لیا۔ جناب ایس ایس پی صاحب لاڑکانہ نے قتل و ڈکیتی جیسے سنگین جرائم / کیسز کی پراگریس چیک کی اور مذکورہ جرائم میں ملوث ومطلوب ملزمان کی گرفتاریاں عمل میں لانے کے سخت احکامات جاری کیئے۔ جناب ایس ایس پی صاحب لاڑکانہ نے جرائم میں ملوث ملزمان اور ان کے سہولتکاروں کے گرد گھیرا مزید تنگ کرنے کے سخت احکامات بھی جاری کیئے۔ اجلاس میں آنے والے عام انتخابات کے موقع پر سیکورٹی کے حوالے سے بھی تبادلہ خیال کیا گیا، جناب ایس ایس پی صاحب لاڑکانہ نے تمام ڈی ایس پی صاحبان اور ایس ایچ اوز کو اپنے علاقہ میں پولنگ اسٹیشنز کا وزٹ کرنے اور تمام انتخابی سرگرمیوں کے دوران امن وامان بحال رکھنے کی ہدایات جاری کیں۔ تمام ڈی ایس پی صاحبان کو متعلقہ رٹرننگ افسران کے ساتھ رابطے میں رہنے اور سیکورٹی کے حوالے سے تمام تر تعاون فراہم کرنے کی ہدایات و احکامات جاری کیئے۔ جناب ایس ایس پی صاحب لاڑکانہ نے کہا کہ الیکشن ہونے تک تمام ملازمین کے تبادلے ومقرری اور چھٹی پر بھی مکمل پابندی عائد ہوگی سوائے کسی ایمرجنسی کے۔ جناب ایس ایس پی صاحب لاڑکانہ نے تمام ڈی ایس پی صاحبان اور ایس ایچ اوز کو سختی سے تاکید کرتے ہوئے کہا کہ اپنے فون 24 گھنٹے کھلے رکھیں اور ایمرجنسی کی صورت میں عوام کو مثبت ریسپانس ملنے کو یقینی بنائیں۔ کسی بھی واقعہ یا واردات کی صورت میں پولیس کا فوری ردِعمل ہونا چاہیے، ایس ایچ اوز بذاتِ خود موقع واردات پر پہنچے، اور سینئر افسران کو بنادیر رپورٹ بھی پیش کریں۔ جناب ایس ایس پی صاحب لاڑکانہ نے مزید کہا کہ تمام ایس ایچ اوز علاقے میں کسی تنازعے یا کشیدگی ہونے کے خدشے کی صورت میں قانون کے مطابق احتیاطی اقدامات کریں اور ہر صورت قانون کی بالادستی قائم رکھیں۔ الیکشن کے سلسلے میں جناب ایس ایس پی صاحب لاڑکانہ کے دفتر میں خصوصی کنٹرول روم قائم کر دیا گیا ہے، جو تین شفٹوں میں 24 گھنٹے اپنے فرائض سرانجام دیگنے، کارنر میٹنگس، ریلیوں، جلسوں اور جلوسوں کے تفصیلات کنٹرول روم کو نوٹ کرانے کے لیے متعلقہ تھانہ اور DIB اسٹاف پابند ہوگا۔ اجلاس میں ASP عاطف امیر صاحب سمیت تمام ڈی ایس پی صاحبان، ایس ایچ اوز، ٹریفک سارجنٹس اور 15 مددگار انچارجز سمیت ہیڈ آف برانچز نے شرکت کی۔ اجلاس کے اختتام پر DSP ہیڈ کوارٹر غلام شبیر سومرو صاحب اور DSP ڈوکری غلام محی الدین کلوڑ صاحب کے ریٹائرمینٹ پر جناب ایس ایس پی صاحب لاڑکانہ نے انہیں سندہ کی ثقافت اجرک اور سندھی ٹوپی کے تحائف پیش کیئے اور ان کے لیے نیک تمناں کا اظہار کیا۔

تحصیل بار ایسوسی ایشن احمد پور سیال کے سالانہ انتخابات 2024-25 کے سالانہ انتخابات میں پروفیشنل لائیرز گروپ نے میدان مار لیا

احمد پور سیال (تحصیل رپورٹر) تحصیل بار ایسوسی ایشن احمد پور سیال کے سالانہ انتخابات 2024-25 کے سالانہ انتخابات میں پروفیشنل لائیرز گروپ نے میدان مار لیا۔ 13 ووٹوں کی برتری سے پروفیشنل لائیرز گروپ کے امیدوار نفر حسین خان بلوچ بار ایسوسی ایشن احمد پور سیال کے صدر اور ایک ووٹ کی برتری سے اسی گروپ کے ملک سفیر حسین اعوان ایڈووکیٹ جنرل سیکرٹری منتخب ہو گئے۔ نفر حسین خان بلوچ نے 49 ووٹ حاصل کئے جبکہ ملک سفیر حسین اعوان نے 43 ووٹ حاصل کر کے کامیابی اپنے نام کی۔ جبکہ دیگر تمام عہدیداران بلا مقابلہ منتخب ہوئے ہیں جن میں مہر فخر عباس سہانہ نائب صدر، محمد حسن خان فنانس سیکرٹری، محسن رضا جوائنٹ سیکرٹری، محمد امتیاز لائبریری سیکرٹری اور محمد حسنین بھٹی آڈیٹر شامل ہیں۔ بار کے نتائج کے اعلان کے وقت بار روم میں جشن کا سماں تھا۔ قاصد رضا جوئیہ ایڈووکیٹ نے نتائج کا باضابطہ اعلان کیا۔ ضلعی صدر جماعت الصالحین پاکستان اور سابق وائس چیئر مین بین المذاہب امن کمیٹی پنجاب ملک غلام جیلانی آڑھتی نے بھی بار روام کا وزٹ کیا اور پولنگ کے عمل کا جائزہ لیا۔ بار روم میں پروفیشنل لائرز گروپ کے نومنتخب صدر اور جنرل سیکرٹری کو مبارک باد دینے والوں کا تانتا بندھ گیا۔ حامیوں نے دونوں کو مالائیں پہنائیں اور ان پر گل پاشی کی۔ اس موقع پر مٹھائی بھی تقسیم کی گئی۔

انشااللہ منتخب ہو کر حلقہ میں اپنے ادھورے ترقیاتی منصوبے مکمل کروں گا، رانا عارف اقبال

ہیڈ مرالہ) نامہ نگار (سابق ممبر صوبائی اسمبلی وامیدوار برائے ایم پی اے رانا عارف اقبال نے کہا ہے کہ انشااللہ منتخب ہو کر حلقہ میں اپنے ادھورے ترقیاتی منصوبے مکمل کروں گا، سابق پی ٹی آئی پنجاب حکومت نے میرے منصوبوں کے فنڈ ضلع گجرات میں بھجوا دیئے جو میرے حلقہ کی حق تلفی کی گئی حلقہ کی ترقی کا دفرو ہیں سے شروع کروں گا جہاں رکا تھا ان خیالات کا اظہار رہنما پاکستان مسلم لیگ)ن (وامیدوار برائے ایم پی اے صوبائی حلقہ پی پی 4 4 رانا عارف اقبال ہرناہ نے مقامی جرنلسٹ سید سبط حسن نقوی سے گفتگو کے دوران کیا ان کا کہنا تھا کہ میرے حلقہ میں صرف تین اہم شاہرائیوں گوندل تا سیالکوٹ، چپراڑ تا سیالکوٹ اور ہیڈ مرالہ تا کلووال روڈ کی تعمیر ومرمت باقی تھی جن کے لئے میں نے دو بار سالانہ بجٹ میں فنڈ مختص کروائے تاہم پی ٹی آئی حکومت میں سابق وزیر اعلی پنجاب پرویز الہی نے ان فنڈ ز کو ضلع گجرات منتقل کر لیا جو میرے حلقہ کی حق تلفی ہوئی لیکن ان شا اللہ ممبر صوبائی اسمبلی منتخب ہوتے ہی حلقہ میں رکے منصوبا جات کو پہلے مرحلہ ہی میں مکمل کیا جائے گا اور حلقہ پی پی 4 4 میں جہاں ترقی کا سفر رکا تھا وہیں سے شروع ہوگا عوام آٹھ فروری کو انتخابی نشان شیر پر مہر لگا کر ترقی کی ضمانت کا بھر پور اظہار کریں اور حلقہ میں ترقیاتی کاموں کی زنجیر بنانے میں میرے ہاتھ مضبوط کریں حسب سابق اپنی حلقہ کی عوام کو مایوس نہیں کروں گا۔

مسلم لیگ ن سٹی کا اہم اجلاس مقامی صدر ڈاکٹر جمیل احمد قریشی کی رہائش گاہ پر منعقد ہوا

فاروق آباد) وقاص زاہد سے (مسلم لیگ ن سٹی کا اہم اجلاس مقامی صدر ڈاکٹر جمیل احمد قریشی کی رہائش گاہ پر منعقد ہوا اجلاس کی صدارت ڈاکٹر جمیل احمد قریشی نے کی اجلاس میں جنرل سیکرٹری مرزا وسیم غفور ایڈیشنل جنرل سیکرٹری شیخ وقاص زاہد مسلم لیگ یوتھ ونگ تحصیل شیخوپورہ کے صدر محمد نعیم ہاشمی مسلم لیگ لیبر ونگ شیخوپورہ کے صدر محمد ارشاد ملک جوائنٹ سیکرٹری عدیل اعجاز چیمہ خالد محمود گجر مرزا محمد علی علیم شاہد محمد شفیق محمد جاوید مون ڈاکٹر خادم ڈوگر یاسر علی بلی عبدالرحمٰن کمبوہ سمیت مسلم لیگ کے ورکروں نے شرکت کی اجلاس میں پارٹی میں نئے گروپس کی شمولیت کے بارے میں غور کیا گیا اور اس بات کا اعادہ کیا گیا کہ پارٹی میں زیادہ سے زیادہ لوگوں کو شامل کیا جائے اور پارٹی کو اور زیادہ اچھے طریقے سے فعال کیا جائے ڈاکٹر جمیل احمد قریشی نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہر بندے کو اپنی ذمہ داری نبھانے کی ضرورت ہے ہر عہدہ دار ہر کارکن جس کی جو ذمہ داری ہو وہ اپنی ذمہ داری کو احسن طریقے سے نبھائے اور پارٹی کو فعال کرنے میں اپنا کردار ادا کرے

شیخوپورہ بار کونسل کے انتخابات میں سجاد باقر ڈوگر 961 ووٹ لے کر صدر عباس علی چھینہ 1099 ووٹ لے کر جنرل سیکٹری اور ملک طارق عزیز 584 ووٹ لے کر نائب صدر منتخب

فاروق آباد) وقاص زاہد سے (شیخوپورہ بار کونسل کے انتخابات میں سجاد باقر ڈوگر 961 ووٹ لے کر صدر عباس علی چھینہ 1099 ووٹ لے کر جنرل سیکٹری اور ملک طارق عزیز 584 ووٹ لے کر نائب صدر منتخب ہو گئے اس طرح سجاد باقر ڈوگر نے رانا سرفراز کو 319 ووٹ کی لیڈ سے شکست دے کر صدر جبکہ عباس علی چھینہ 598 ووٹ کی لیڈ سے جنرل سیکرٹری منتخب ہو گئے جیت کی خوشی میں سجاد باقر ڈوگر اور عباس علی چھینہ کے حامی ڈول کی تھاپ پر بھنگڑے ڈالتے رہے اور ایک دوسرے کو مبارکباد دیتے رہے

سانگلہ ہل ٹی ایل پی ایک پلیٹ فارم پر ہے پارٹی میں کوئی گروپ بندی نہیں کامیابی کے بعد حلقے کی محرومیوں کو دور کرنے میں اہم کردار ادا کروں گا، ریٹائرڈ کرنل امانت علی

اتحاد پریس کلب سانگلہ ہل

سانگلہ ہل) تحصیل رپورٹر (سانگلہ ہل ٹی ایل پی ایک پلیٹ فارم پر ہے پارٹی میں کوئی گروپ بندی نہیں کامیابی کے بعد حلقے کی محرومیوں کو دور کرنے میں اہم کردار ادا کروں گا امیدوار پی پی 132 ریٹائرڈ کرنل امانت علی کی اتحاد پریس کلب میں پریس کانفرنس پی پی 132 کے امیدوار کرنل امانت علی نے علامہ قاری عاصم ندیم چشتی اور دیگر کارکنان کے ہمراہ مشترکہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے بتایا کہ ٹی ایل پی نے پی پی 132 کا ٹکٹ لیفٹیننٹ کرنل) ر (امانت علی کو جاری کر دیا اگر الیکشن جیتے تو عوام کی امیدوں پر پورا اتریں گے۔ کرنل) ر (امانت علی کا کہنا تھا کہ ٹی ایل پی میں کسی قسم کی کوئی گروپ بندی نہیں۔ انشااللہ اس بار سانگلہ ہل میں دوسری جماعتوں کو ٹف ٹائم دے گی ان کا کہنا تھا کہ چوروں لٹیروں سے ملک کو آزاد کروانے کا وقت آ گیا ہے عوام اپنے ووٹ کی طاقت سے انہیں مسترد کریں گیا گر الیکشن میں کامیابی ہوئی تو عوام کی امیدوں پر پورا اتریں گے عوام کے مسائل حل کرنے کی پوری کوشش کریں گے عوام کے لیے ایک کمیونٹی سنٹر اور ایک خوبصورت پارک بنایا جائے گا الیکشن سے پہلے ڈور ٹو ڈور کمپین ہوگی الیکشن سے پہلے ٹی ایل پی امیر سعد حسین رضوی بھی سانگلہ ہل کا دورہ کریں گے اور سانگلہ ہل کی تاریخ کا سب سے بڑا جلسہ ہوگا اس کے علاوہ pp132 کے میر علامہ عاصم ندیم چشتی کا کہنا تھا کہ سانگلہ ہل میں ٹی ایل پی میں کوئی گروپ بندی نہیں ہے سب ایک پلیٹ فارم پر اکھٹے ہیں انشااللہ تحریک لبیک سانگلہ ہل میں سرپرائز دے گی الیکشن کے حوالے سے ہماری طرف سے پوری تیاری ہے

ڈپٹی کمشنر / ڈسٹرکٹ ریٹرننگ آفیسر محمد ارشد بھٹی کے زیر صدارت عام انتخابات کی تیاریوں کے حوالے سے اہم اجلاس

قصور) بیورو چیف شفاقت علی چوہدری (ڈپٹی کمشنر / ڈسٹرکٹ ریٹرننگ آفیسر قصور محمد ارشد بھٹی کے زیر صدارت عام انتخابات کی تیاریوں کے حوالے سے اہم اجلاس گزشتہ روز منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر تنویر احمد خاں، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل محمد جعفر چوہدری، الیکشن آفیسر علی اویس منظور سمیت تمام ریٹرننگ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں پولنگ سٹاف کی ٹریننگ، عملے کی تعیناتی، پولنگ سٹیشنز پر مطوبہ سہولیات و دیگر انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ ریٹرننگ آفیسر محمد ارشد بھٹی نے تمام ریٹرننگ افسران کو ہدایت کی کہ وہ اپنی ذمہ داریاں پوری محنت اور دیانت داری سے سرانجام دیں۔ ٹریننگ سیشن میں حصہ نہ لینے والے پولنگ افسران و عملے کیخلاف محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ صاف منصفانہ اور غیر جانبدار انتخابات کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔ سرکاری ملازمین کسی سیاسی جلسے، جلوس یا کارنر میٹنگ میں شرکت نہ کریں اس کے علاوہ سوشل میڈیا اکاؤنٹس پر بھی سیاسی جماعت کا مواد اپ لوڈ نہ کریں۔ خلاف ورزی کرنیوالے ملازمین کیخلاف الیکشن رولز کے تحت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ تمام سیاسی جماعتوں کے امیدوار کل سے الیکشن کمپین کر سکیں گے۔ جلسے جلوس کرنے والے امیدواروں کو انتظامیہ سے اجازت لینا ہوگی۔

وزیر اعلی پنجاب کی خصوصی ہدایات ضلع بھر میں نہروں کی بھل صفائی مہم بھر پور طریقے سے جاری ہے، ڈپٹی کمشنر محمد ارشد بھٹی

قصور) ڈسٹرکٹ رپورٹر محمد انیس (ڈپٹی کمشنر قصور محمد ارشد بھٹی نے کہا ہے کہ وزیر اعلی پنجاب محسن نقوی کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں ضلع بھر میں نہروں کی بھل صفائی مہم بھر پور طریقے سے جاری ہے پانڈو کی کینال ڈویژن میں 67 میل نہروں کی بھل صفائی کا کام سخت مانیٹرنگ میں پایا تکمیل تک پہنچایا جائیگا۔ ایک جائزہ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ پانڈو کی کینال ڈویژن میں وسیع پیمانے پر بھل صفائی کا کام جاری ہے اور متعلقہ تحصیلوں کے اسسٹنٹ کمشنر کی سربراہی میں مانیٹرنگ ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں جو بھل صفائی مہم کی کڑی نگرانی کر رہی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ پانڈو کی کینال ڈویژن میں کل 67 میل نہروں کی بھل صفائی ہوگی جس سے 1 لاکھ 68 ہزار 700 ایکڑ اراضی کو بہتر آبپاشی کی سہولت ملے گی۔ ڈپٹی کمشنر کا مزید کہنا تھا کہ نگران وزیر اعلی پنجاب محسن نقوی کی ہدایت پر کسانوں کو ٹیل تک نہری پانی کی فراہمی کیلیے حکومت پنجاب کی جانب سے بھل صفائی کا منصوبہ شروع کیا گیا ہے تا کہ کسانوں کو نہری پانی کی بروقت فراہمی کو یقینی بنا کر ملک کو زرعی شعبہ میں خود کفیل بنایا جا سکے۔ کاشتکاروں کو نہری پانی کی مطلوبہ مقدار میں دستیابی یقینی بنانے کیلیے بھل صفائی مہم مکمل ہو گی اور نہری موگوں کی حسب ضرورت تعمیر و مرمت بھی کی جائیگی۔ انہوں نے محکمہ اریگیشن کے افسران کو ہدایت کی کہ بھل صفائی مہم کے کاموں کو ترجیحی بنیادوں پر نمٹایا جائے اور اس سلسلے میں کسی بھی قسم کی کوتاہی کو برداشت نہیں کیا جائیگا۔

بقیہ جات 1

۔44 پریس کلب کے صدور کو مجموعی طور پر 9 کروڑ 54لاکھ روپے کے چیک دیئے گئے۔ ملتان، گوجرانوالہ، فیصل آباد، راولپنڈی، سرگودھا، بہاولپور، ساہیوال پریس کلب کے صدور اور جھنگ، خانیوال سمیت مختلف اضلاع او تحصیل پریس کلب کے صدور کو بھی چیک دیئے گئے

بقیہ جات 2

آفیسر کو طلب کیا اور معاملے کی تحقیق کا حکم دیا تھا۔ ترجمان کے مطابق معزز عدالت نے آئی سی سی پی او کو ذاتی طور پر چیئرمین پی ٹی آئی کی شکایت کو سننے کا کہا، آئی سی سی پی او ادا کبر ناصر خاں نے بیرسٹر گوہر کو تحقیق کی یقین دہانی کروائی ہے۔ ترجمان کے مطابق آئی سی سی پی او نے کسی بھی پولیس افسر کے قصوروار ہونے پر کارروائی کی یقین دہانی کرائی ہے اور ڈی پی او کو انکوائری افسر مقرر کر کے تفصیلی رپورٹ 3 دن میں طلب کی گئی ہے۔ ترجمان نے بتایا کہ 5افسران بشمول ایس ایچ او مارگلہ کو تاحکم ثانی معطل کر دیا گیا ہے، انکوائری ہو رہی ہے، قانون کی خلاف ورزی پر اہلکاروں کے خلاف سخت کارروائی ہوگی۔

بقیہ جات 3

نے کہا کہ پاکستان کے عوام اس شخص کو اپنا نمائندہ نہیں مانتے، اب آپ لوگ اس شخص کو چوتھی بار وزیراعظم بنانے کی کوشش کر رہے ہو، پاکستان اور بلوچستان کے عوام غیرت مند لوگ ہیں، جب اس شخص کو مسلط کیا گیا تھا اس نے بلوچستان کے حق پر ڈاکا ڈالا۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ 8 فروری کو اپنا حق چھینیں گے اور عوامی حکومت بنائیں گے

بقیہ جات 4

اشیا پر مشتمل 20 ٹن سامان کی چوتھی کھیپ اردن پہنچ گئی۔ اتوار کو این ڈی ایم اے کے ٹوئٹ کے مطابق اردن میں پاکستان کے سفیر اور اردنی چیف آف ایئر سٹاف نے غزہ کے متاثرہ لوگوں میں تقسیم کیلئے امدادی کھیپ وصول کی۔ واضح رہے کہ فلسطینی بہن بھائیوں کی مدد کیلئے پاکستان کی جانب سے امدادی سامان کی فراہمی کا سلسلہ جاری ہے۔ امدادی سامان کی چوتھی کھیپ پاک فضائیہ کی خصوصی پرواز کے ذریعے روانہ کی گئی تھی، 20ٹن ضروری اشیا پر مشتمل چوتھی امدادی کھیپ میں غزہ میں زمینی ضروریات کے مطابق سرجیکل/طبی سامان، خشک کھانے کی اشیا کے علاوہ حفظان صحت کی کٹس بھی شامل ہیں۔

بقیہ جات 5

میں جمع کرا دی۔ درخواست میں بیان کیا گیا کہ 28 دسمبر کو الیکشن کمیشن نے ہمیں خط لکھا کہ بلے کا کیس زیر سماعت ہے۔ درخواست میں موقف اپنایا گیا کہ سپریم کورٹ نے اب پی ٹی آئی انٹرا پارٹی کیس نمٹا دیا ہے جب کہ بلے کے نشان متعلق ہماری درخواست التوا کا شکار ہے۔ کہا گیا کہ سپریم کورٹ کے فیصلے کے بعد الیکشن کمیشن آف پاکستان اب ہمیں بلے کا نشان الاٹ کر دے۔

بقیہ جات 6

سے 56 فیصد عمارتیں تباہ ہو چکیں، اسکول کی 69 فیصد عمارتوں کو نقصان پہنچا، 142 مساجد، 3 گرجا گھر، 121 ایمبولینسوں کو نقصان پہنچا۔ اسرائیلی بمباری کے باعث 36 میں سے 15 اسپتال جزوی فعال ہیں۔ 5 لاکھ 76 ہزار سے زائد فلسطینی بھوک اور فاقہ کشی کا سامنا کر رہے ہیں۔ اسرائیلی حملوں کے باعث غزہ میں 1.8 ملین فلسطینی بے گھر ہو چکے ہیں۔ 3 ماہ سے زائد عرصے سے جاری جنگ میں غزہ میں اسرائیل کی جانب سے اب تک 29 ہزار بم، شیل اور گولے برسائے گئے ہیں۔ دوسری جانب غزہ جنگ کے 100 دن مکمل ہونے پر تل ابیب میں اسرائیلیوں نے 24 گھنٹوں کے لیے احتجاجی مظاہرے کیے ہیں۔ عرب میڈیا کے مطابق تل ابیب میں حکومت مخالف احتجاج کے باعث اہم شاہراہ کچھ دیر کے لیے بند کر دی گئی۔ تل ابیب میں ہی دوسرے مظاہرے میں شرکاء کا مغویوں کی بازیابی کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ جات 7

سامان کی چوتھی کھیپ اردن پہنچ گئی۔ اتوار کو این ڈی ایم اے کے ٹوئٹ کے مطابق اردن میں پاکستان کے سفیر اور اردنی چیف آف ایئر سٹاف نے غزہ کے متاثرہ لوگوں میں تقسیم کیلئے امدادی کھیپ وصول کی۔ واضح رہے کہ فلسطینی بہن بھائیوں کی مدد کیلئے پاکستان کی جانب سے امدادی سامان کی فراہمی کا سلسلہ جاری ہے۔ امدادی سامان کی چوتھی کھیپ پاک فضائیہ کی خصوصی پرواز کے ذریعے روانہ کی گئی تھی، 20ٹن ضروری اشیا پر مشتمل چوتھی امدادی کھیپ میں غزہ میں زمینی ضروریات کے مطابق سرجیکل/طبی سامان، خشک کھانے کی اشیا کے علاوہ حفظان صحت کی کٹس بھی شامل ہیں۔

بقیہ جات 8

کی نجکاری نہیں ہوگی، ریاستی اجارہ داری ختم کرنے کے لیے ریگولیٹری فریم ورک ہونا چاہیے۔

بقیہ جات 9

بکری، کھسہ سمیت مختلف انتخابی نشانات الاٹ سردار لطیف کھوسہ ایلفابیٹ k کے نشان سے الیکشن میں حصہ لیں گے۔ این اے 121 سے وسیم قادر وکٹ اور این اے 122 سے سردار لطیف کھوسہ ایلفابیٹ k کے نشان سے الیکشن میں حصہ لیں گے

بقیہ جات 10

بعد پی ٹی آئی کے امیدوار اب آزاد امیدوار کے طور پر لڑیں گے، اس حوالے سے ہم نے پہلے سے حکمت عملی تیار کی ہوئی ہے اور کوئی فکر کی بات نہیں ہے۔ بیرسٹر علی ظفر نے کہا کہ پی ٹی آئی الیکشن زور و شور سے لڑے گی، سپریم کورٹ کے فیصلے کے بعد بھی پارٹی رجسٹرڈ ہے اور عدالت نے امیدواروں کو الیکشن لڑنے سے روکا نہیں ہے۔ پی ٹی آئی کے رہنما نے کہا کہ سپریم کورٹ کے آج کے فیصلے سے بہت زیادہ مایوسی ہوئی ہے، ہمیں انصاف کی امید تھی اور خواہش تھی کہ انصاف ہوتا ہوا دکھائی دے مگر ایسا نہیں ہوا۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کے دس کروڑ ووٹرز ہیں کسی کو بھی انٹرا پارٹی الیکشن پر اعتراض نہیں تھا البتہ ان لوگوں نے اعتراض کیا جن کا پی ٹی آئی سے تعلق نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ جن چودہ بندوں نے سپریم کورٹ میں درخواستیں دیں ان میں سے بھی پی ٹی آئی کا ممبر نہیں رہا، بلا رہے نہ رہے پاکستان کے عوام عمران خان کے نام پر ووٹ دیں گی۔ بیرسٹر علی ظفر نے کہا کہ تحریک انصاف کے تمام ارکان آزاد حیثیت سے الیکشن لڑیں گے، سپریم کورٹ کے فیصلے کے بعد پی ٹی آئی تمام مخصوص نشستوں سے محروم ہو جائے گی اور قومی یا صوبائی اسمبلی میں اسے کوئی مخصوص نشست نہیں ملے گی جبکہ امیدوار بھی علیحدہ علیحدہ نشان پر آزاد حیثیت میں الیکشن لڑیں گے۔

بقیہ جات 11

لیکن انکا اصرار تھا کہ وہ ریڈ زون میں جائیں گے ۔نگران وفاقی وزیر کا مزید کہنا تھا کہ لاٹھی چارج کا واقعہ رات ایک بجے کے بعد ہوا

بقیہ جات 12

ناراض ہو گئے ہیں جس کے بعد انہوں نے آزاد حیثیت سے انتخاب لڑنے کا اعلان کیا ہے۔ اپنے بیان میں میاں نوید علی نے کہا کہ پارٹی نے ہماری وفاداریاں نظرانداز کر کے چوہدری جاوید کو ٹکٹ دی، جب کوئی فرنٹ پیج پر نہیں آ رہا تھا تو میرے والد نے پارٹی کا ساتھ دیا، (ن) لیگ کیلئے ہم نے ظلم و زیادتی برداشت کیں اور جیلیں بھی دیکھیں۔ میاں نوید علی نے کہا کہ 10 سال تک پارٹی کو سنبھالا لیکن پارٹی کو شاید کچھ اور ہی عزیز تھا، پارٹی نے میرے ساتھ وفا نہیں کی لیکن ہم الیکشن جیت کر بھی وفا کریں گے

بقیہ جات 13

قاعدے کے مطابق ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سب کو سپریم کورٹ کے فیصلے کو تسلیم کرنا چاہیے۔ خواجہ آصف نے کہا کہ تحریک انصاف کے انٹرا پارٹی الیکشن ڈراما تھے، ایک کیس یہ دو عدالتوں میں لے کر گئے تھے۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں ہماری جماعت سے بھی انتخابی نشان لیا گیا تھا۔ خواجہ آصف نے کہا کہ جماعتوں میں جمہوریت کے لیے انٹرا پارٹی الیکشن شفاف طریقے سے ہونے

جا ہیں۔

بقیہ جات 14

ہے۔ سربراہ استحکام پاکستان پارٹی نے کہا کہ معیشت پریس کانفرنس میں باتیں کرنے سے ٹھیک نہیں ہوتی، حلقے کے عوام کے لیے محنت کروں گا۔ جہانگیر ترین صوبائی اسمبلی کی نشست سے دستبردار ہو گئے اس سے قبل سابق ارکان اسمبلی و ٹکٹ ہولڈرز سے ملاقات کے دوران جہانگیر ترین کا کہنا تھا کہ جنوبی پنجاب کے عوام کی محرومیوں کا ازالہ کریں گے، جنوبی پنجاب صوبہ ایک دن ضرور بنے گا اور وہ ہم بنائیں گے۔ جہانگیر ترین سے ملاقات کرنے والوں میں سعید احمد انصاری، عامر سعید انصاری اور دیگر شامل تھے۔ سربراہ استحکام پاکستان پارٹی کا کہنا تھا کہ لودھراں کی طرح ملتان بھی میرا گھر ہے، ملتان کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرواؤں گا۔ جہانگیر ترین کا مزید کہنا تھا کہ ملتان میں ترقی و خوشحالی کے نئے دور کا آغاز کریں گے۔

بقیہ جات 15

شیخ رشید احمد، شیخ راشد شفیق اور کارکنان بڑی تعداد میں موجود تھے، کارکنوں کی جانب سے والہانہ استقبال اور گل پاشی کی گئی۔ راولپنڈی کے عوام کے نام اہم پیغام میں شیخ رشید کا کہنا تھا کہ مشکل وقت میں کسی کا ساتھ نہیں چھوڑا، پاکستان کا واحد سیاستدان ہوں جس نے کوئی پریس کانفرنس نہیں کی، کسی کے خلاف غیر پارلیمانی، نازیبا زبان استعمال نہ کی اور نہ ہی کروں گا۔ انہوں نے کہا کہ میں نے 60 تعلیمی ادارے اور چار یونیورسٹیاں بنائی، راولپنڈی کے عوام نالہ لئی پروجیکٹ اور ڈھوک دلال کالج، ماہ بچہ ہسپتال کو مکمل کرنے کیلئے آٹھ فروری کو این اے 56 اور 57 سے قلم دوات پر مہر لگائیں۔ سربراہ عوامی مسلم لیگ نے کہا کہ ذہنی فیصلہ کرتے وقت دیکھنا ہوگا اس شہر کی خدمت کس سیاست دان نے کی اور کرے گا، قلم دوات جیتے گی، خدمت کے سابقہ ریکارڈ بھی توڑ دیئے جائیں گے۔

بقیہ جات 16

سے گرفتار کرلیا گیا۔ خاندانی ذرائع کے مطابق زاہد بہار پنجاب اسمبلی کی نشست پی پی 220 سے تحریک انصاف کے امیدوار ہیں اس حوالے سے خاندانی ذرائع نے بتایا کہ زاہد بہار کو رات گئے آر او آفس کے باہر سے گرفتار کیا گیا۔

بقیہ جات 17

کر رہے وہ ساری زندگی اس جماعت کا حصہ رہے ہیں، شاہد خاقان عباسی کی تنقید (ن) لیگ پر نہیں ان کے اپنے اوپر ہے، جن لوگوں نے قانون کو بے پناہ پامال کیا ان کے ساتھ جزا اور سزا ہونی چاہیے۔ الحمرا میں گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بلے کے متعلق سپریم کورٹ کا جو فیصلہ آیا ہے اس پر بات نہیں کر سکتا کیونکہ فیصلہ پڑھا ہی نہیں ہے۔ مصدق ملک نے اس بات پر بھی زور دیتے ہوئے کہا کہ ملک میں ہر ایک کو اجازت ہونی چاہیے کہ وہ پاکستان میں سیاست کرے، اپنی کارکردگی پر نواز شریف نیا ویژن قوم کے سامنے لا رہے ہیں، عوام فیصلہ کرے گی کہ تیر نے شیر کا شکار کیا یا نہیں۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب میں (ن) لیگ زیادہ عرصے تک اقتدار میں رہی اور سب سے زیادہ ترقیاتی کام کروائے، باقی سیاسی جماعتوں کا (ن) لیگ سے موازنہ نہ کریں کیونکہ دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی ہو جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ لوگ کہتے ہیں نواز شریف کے آنے سے لیول پلیئنگ فیلڈ ختم ہو گیا، میرا خیال ہے کہ جب بھی جمہوریت میں مداخلت ہوتی ہے وہ غلط ہوتا ہے، نواز شریف قدآور شخصیت ہیں ان کے آنے سے تہلکہ مچ جاتا ہے۔

بقیہ جات 18

رپورٹ ہوا۔ پنجاب کے ہسپتالوں میں اس وقت ڈینگی کے کل 7 مریض زیر علاج ہیں۔

بقیہ جات 19

سے 45 سالہ نامعلوم شخص کی لاش برآمد ہوئی۔ جاں بحق ہونے والے دونوں افراد نشے کے عادی تھے اور نشے کی زیادتی کے باعث جاں بحق ہوئے۔ سندر میں ملتان روڈ میں ٹریفک حادثے میں 35 سالہ شخص جاں بحق ہو گیا۔ 35 سالہ شخص سڑک عبور کر رہا تھا کہ تیز رفتار ٹرک نے کچل دیا جو موقع پر دم توڑ گیا۔ متوفی کی شناخت نہیں ہو سکی، پولیس کی ضروری کارروائی کے بعد لاشیں ایدھی ایمبولینس کے ذریعے مردہ خانے منتقل کر دی گئیں۔

بقیہ جات 20

گو گاڑیوں کے ڈرائیورز کے لیے سفری دستاویزات کی شرط عائد کر دی گئی۔ کسٹم ذرائع نے بتایا کہ ڈرائیورز کے لیے سفری دستاویزات کا فیصلہ گزشتہ سال وفاقی حکومت نے کیا تھا جس پر عمل درآمد گزشتہ روز سے شروع کر دیا گیا ہے۔ کسٹم ذرائع کے مطابق طورخم سرحدی گزرگاہ سے پیدل آمدورفت معمول کے مطابق جاری ہے۔

بقیہ جات 21

دورہ کریں گے۔ دفتر خارجہ کی جانب سے جاری تفصیلات کے مطابق نگران وزیراعظم ورلڈ اکنامک فورم سے ٹریڈ لیک ٹریلین ڈالر پراسس کے موضوع پر کلیدی خطاب کریں گے، اس کے علاوہ وہ عالمی تنازعات سے بچانے، بین الاقوامی نظام پر اعتماد کی بحالی اور اقتصادی مشکلات سے تحفظ کے حوالے سے منعقدہ اہم تقریبات میں بھی شرکت کریں گے۔ نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ کئی حکومتی اور کاروباری رہنماؤں سے ملاقاتوں کے علاوہ انویسٹ ان پاکستان کی تقریب میں بھی شرکت کریں گے۔

بقیہ جات 22

تھے۔ ڈپٹی کمشنر کے مطابق پی ٹی آئی کے رہنما ممتاز مصطفی ایڈووکیٹ کے ہمراہ 100 سے زائد افراد تھے، پی ٹی آئی امیدوار کے حامیوں نے دفتری عملے سے بدتمیزی کی۔ انہوں نے کہا کہ حملہ آوروں نے سرکاری انتخابی دستاویزات چھیننے کی کوشش کی، ممتاز مصطفی کے حامیوں نے ڈی آر او اور عملے کو یرغمال بنایا۔ ڈپٹی کمشنر کے مطابق واقعے کی اطلاع ملنے پر پولیس کی بھاری نفری موقع پر پہنچی، ممتاز مصطفی اور ان کے حامی 3 گھنٹے بعد نعرے لگاتے ہوئے چلے گئے۔

بقیہ جات 23

۔اس موقع پر ملاقات میں فیصلہ کیا گیا کہ مسئلہ کشمیر کو اجاگر کرنے کے لیے مشترکہ کوششیں کی جائیں گی کیوں کہ مسئلہ کشمیر اس وقت ایک اہم موڑ میں داخل ہو چکا ہے

بقیہ جات 24

ہے کہ پی پی 119 میں پیپلز پارٹی کے ٹکٹ یافتہ امیدوار مجاہد اسلام کو تیر کی بجائے وہیل چیئر کا نشان دیا جا رہا ہے، مطالبہ ہے کہ پی پی 119 سے امیدوار مجاہد اسلام کو تیر کا نشان دیا جائے۔

بقیہ جات 25

بتایا کہ پھر اسپتال فنڈز کی کمی کا شکار ہے۔ ای ڈی پھر کے مطابق اوٹی کے باہر لسٹ کس نے، کس مقصد کے تحت لگائی، تحقیقات کی جا رہی ہیں

بقیہ جات 26

اعداد و شمار جاری کر دیے۔ الیکشن کمیشن کی جانب سے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق بلوچستان سے قومی اسمبلی کی 16 نشستوں پر 442 امیدوار حصہ لے رہے ہیں، سب سے زیادہ 46، 46 امیدوار این اے 255 اور 263 سے میدان میں ہیں۔ الیکشن کمیشن نے بتایا کہ بلوچستان سے قومی اسمبلی کی نشستوں پر امیدواروں میں 428 مرد شامل ہیں جبکہ قومی اسمبلی کی جنرل نشستوں کے لیے 14 خواتین بھی میدان میں ہیں۔ الیکشن کمیشن کے اعداد و شمار کے مطابق این اے 255، 260، 262 اور 263 سے 2، 2 خواتین امیدوار حصہ لے رہی ہیں۔ بلوچستان سے قومی و صوبائی اسمبلیوں میں خواتین اور اقلیتی مخصوص نشستوں کی ابتدائی فہرست بھی جاری کر دی گئی ہے۔ ابتدائی فہرست میں بلوچستان اسمبلی میں موجود خواتین کی 11 مخصوص نشستوں کے لیے 64 امیدوار جبکہ قومی اسمبلی میں خواتین کی 4 نشتوں کے لیے 28 امیدوار شامل ہیں۔ بلوچستان اسمبلی میں اقلیتوں کی 3 نشتوں کے لیے 32 امیدوار سامنے آئے ہیں۔

بقیہ جات 27

تجویز اور تائید کنندگان کو اغوا کرنا اور کاغذات چھیننا الیکشن نہیں سلیکشن ہوگا، جس کا کوئی اعتبار نہیں ہوگا۔ حافظ نعیم الرحمان نے سوال اٹھایا کہ وصیت کے پرچے پر چلنے والی اور خاندان کی میراث پارٹیوں بلکہ پراپرٹیوں کے لیے کیا حکم ہے سرکار؟ ان کا کہنا تھا کہ پی ٹی آئی کے انتخابی نشان سے متعلق فیصلہ لیول پلیئنگ فیلڈ کا جنازہ ہے ذرا دھوم سے نکلے۔

بقیہ جات 28

پگڑی، پاکستان تحریک انصاف نظریاتی کو بیٹسمین کا نشان الاٹ کیا گیا ہے۔ استحکام پاکستان پارٹی کو عقاب، ایم کیو ایم کو اور تحریک لبیک پاکستان کو کرین کا انتخابی نشان دیا گیا ہے۔ علاوہ ازیں پی ٹی آئی سے بلے کا نشان واپس لینے کے بعد امیدواروں کو مختلف نشانات الاٹ کیے گئے ہیں۔

بقیہ جات 29

اور شعیب شاہین کا انتخابی نشان شوز ہوگا، علاوہ ازیں این اے 47 سے مجموعی طور پر 37 امیدوار میدان میں اتریں گے، یہاں سے 25 آزاد امیدوار انتخابات میں حصہ لے رہے ہیں جبکہ 12 مختلف سیاسی جماعتوں کے امیدوار بھی میدان میں ہیں۔ این اے 47 میں آزاد امیدوار چوہدری الیاس مہربان کو بیٹری، مصطفی نواز کھوکھر کو گھڑی، خواجہ سرا امیدوار کو سبز مرچ انتخابی نشان دیا گیا ہے۔ دوسری جانب این اے 48 میں مجموعی طور پر 38 امیدوار میدان میں اتریں گے، یہاں سے 11 جماعتوں کے امیدوار اور 27 آزاد حیثیت میں الیکشن لڑیں گے۔ این اے 48 سے آزاد امیدوار راجہ خرم نواز انار کے نشان پر میدان میں اتریں گے جبکہ علی بخاری پیراشوٹ کے نشان پر الیک

بقیہ جات 30

(ایس آئی ایف سی) میں امید کی کرن نظر آئی ہے۔ نگران وزیر آئی ٹی نے کہا کہ ایس آئی ایف سی میں پالیسیوں کا تسلسل اور ایک ایجنڈا ہے۔ ڈاکٹر عمر سیف نے کہا کہ نگراں حکومت نے پالیسی اصلاحات کی ذمے داری پوری کی ہے۔

بقیہ جات 31

سے ہاتھ پاک ہیں برسراقتدار آ کر جے یو آئی ملک سے کرپشن کا خاتمہ کرے گی، عوام 8 فروری کو امن کے ساتھ کھڑے ہو کر جے یو آئی کے حق میں رائے دہی کا استعمال کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ جے یو آئی پنجاب کی مقبول جماعت بن چکی ہے جے یو آئی کی عوامی رابطہ مہم کے دوران شہریوں کے جے یو آئی کی قیادت پر اعتماد کرنے سے واضح ہو رہا ہے کہ پنجاب کی عوام اب ملک میں اسلام نظام کا نفاذ چاہتے ہیں، ان شاء اللہ جے یو آئی برسراقتدار آ کر ملک میں قرآن و سنت کا نظام بھی نافذ کرے اور ملک کو بحرانوں سے نکال کر پاکستان کو خوشحال اور ترقی یافتہ ممالک میں صف میں لا کھڑے کرنے کیلئے بھی عملی اقدامات کرے گی۔

بقیہ جات 32

بیان میں انہوں نے کہا کہ اقوام متحدہ کیسا ادارہ ہے جو جنگی جرائم میں ملوث امریکا اور اسرائیل کے خلاف کارروائی نہیں کر رہا اور نہ ہی فلسطین کے عوام کو خوراک، پانی ادویات پہنچانے کیلئے کردار نظر آ رہا ہے، اسرائیل کی گیدڑ بھبکیوں کا شکار اقوام متحدہ فلسطینی عوام کو خوراک، ادویات پہنچانے میں بے بس ہے، انہوں نے کہا کہ عالمی امن و انصاف کا ادارہ دباؤ کا شکار ہوگا تو وہ انصاف کی بالادستی کو کیسے قائم کرے گا، مظلوم فلسطین کے عوام مدد کیلئے مسلم حکمرانوں اور امت مسلمہ کو پکار رہے ہیں۔

بقیہ جات 33

291 افراد قتل، 1728 زخمی ہوئے۔ ڈکیتی مزاحمت پر فیصل آباد میں سب سے زیادہ 34 شہری قتل ہوئے، ملتان میں ڈکیتی مزاحمت پر 24، بہاولپور ریجن میں 6 شہری قتل ہوئے۔ میاں عامر رزاق نے کہا کہ عوام کو احساس تحفظ فراہم کرنے تک پولیس اپنے فرائض سے عہدہ برا نہیں ہو سکتی

بعدالت جناب ریونیو آفیسر صاحب 274 گ ب/ ADLR جڑانوالہ

ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ فتح محمد ولد سلطان جو کہ چک نمبر 274 گ ب تحصیل جڑانوالہ ضلع فیصل آباد میں مالک اراضی فوت ہو چکا ہے۔ جس کے وارثان میں بیگاں والدہ، سلطان والد، بی بی زوجہ (پہلے فوت شدگان)۔ سلمہ بی بی بیوہ، محمد شکیل، محمد وکیل پسران، مقدس دختر (زندہ) حیات وارث تصدیق ہوئے اگر کسی کو کوئی عذر ہو تو وہ بعد از اشاعت 7یوم کے اندر اندر دفتر ہذا سے رجوع کریں بعد میں کوئی عذر قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب تحصیلدار ADLR/صاحب تحصیل منچن آباد

عنوان:۔ انتقال وراثت متوفی محمد ابراہیم ولد محمد رمضان قوم سکھیرا راجپوت موضع کالیوال تحصیل منچن آباد۔ عنوان بالا انتقال وراثت برائے منظوری پیش ہوا ہے۔ جس میں متوفی کے وارثان ایک بیوہ شریفاں بی بی 5 بیٹے ارسلان ابراہیم، نعمان ابراہیم، عثمان ابراہیم، فرحان ابراہیم، ریحان نواز اور 2 بیٹیاں مہوش ابراہیم، سیرش ابراہیم پسران ودختران متوفی زندہ حیات درج ہیں۔ لہذا بذریعہ اخبار اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفی کے وارثان میں سے کوئی اور وارث ہے تو وہ اپنا ثبوت پیش کرے۔ بصورت دیگر انتقال وراثت انہی درج شدہ وارثان کے نام منظور کر دیا جائیگا۔ اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب عدیل انور صاحب سول جج فیملی کورٹ ساہیوال

دعویٰ تنسیخ نکاح۔ حافظ حنا عزیز بنام محمد سرفراز احمد ولد مرزا غلام حسن محلہ سلطان پورہ نزد چرچ روڈ گجرانوالہ ہرگاہ آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مقدمہ عنوان بالہ میں آپ کو متعدد بار طلب کیا گیا مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونی مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ مقررہ تاریخ مورخہ 26-1-2024 کو بوقت صبح 09 بجے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آ کر مقدمہ کی پیروی کریں ورنہ دیگر صورت آپ کے خلاف کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔

بعدالت جناب تحصیلدار ADLR/صاحب تحصیل منچن آباد

عنوان:۔ انتقال وراثت متوفی محمد امیر ولد محمد علی قوم وٹو موضع بکا رحمونکا تحصیل منچن آباد۔ عنوان بالا انتقال وراثت برائے منظوری پیش ہوا ہے۔ جس میں متوفی کے وارثان 3 بیٹے اختر علی، اصغر علی، محمد یوسف اور 1 بیٹی حفیظاں بی بی پسران و دختران متوفی زندہ حیات درج ہیں۔ لہذا بذریعہ اخبار اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفی کے وارثان میں سے کوئی اور وارث ہے تو وہ اپنا ثبوت پیش کرے۔ بصورت دیگر انتقال وراثت انہی درج شدہ وارثان کے نام منظور کر دیا جائیگا۔ اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب ڈسکہ

انتقال نمبر 2033 وراثت موضع بوبکا نوالہ کے تحت سائل کا والد مسمی محمد نواز ولد چراغ دین کا فوت ہونا مورخہ درج 02/10/2022 ہوا ہے اور اس کے قانونی و شرعی وارثان میں محمد بلال محمد نعیم نواز حسن عقیل پسران سعدیہ مالک، عافیہ حق، حبیبہ نواز دختران بروئے شجرہ نسب مرتبہ پٹواری درج بر پشت انتقال میں اگر ان وارثان میں سے یا ان کے علاوہ کوئی علم رکھتا ہو کسی کو کوئی اعتراض ہو تو سات یوم کے اندر اندر تک حاضر آویں عذر پیش کریں بصورت دیگر انتقال کا فیصلہ جلسہ عام مقام دیہہ میں کر دیا جاوے گا بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

آج ہماری مہر و دستخط سے جاری ہوا

بعدالت جناب محترم افنان جاوید صاحب فیملی کورٹ سول جج فیصل آباد

دعویٰ: دلا پانے خرچہ نان و نفقہ عنوان: ردا بتول وغیرہ بنام بابر توصیف عرف بابر علی اشتہار بنام: بابر توصیف عرف بابر علی ولد اعجاز احمد ساکن مکان نمبر 66/22 گلی نمبر 1 محلہ سہیل اباد فیصل اباد حال مقیم کچی ابادی گنڈا سنگھ بٹالہ کالونی فیصل اباد ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ تعمیل سمن سے گریزاں ہے ان کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مدعا علیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ بتقرر مورخہ۔ 07.02.2024 کو بوقت 9:00 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً عدالت میں حاضر ہوں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر نہ ہوگا۔ آج بدستخط مہر عدالت جاری کیا ہے

بعدالت جناب محترم شہروز شاہین رانجھا صاحب فیملی کورٹ سول جج فیصل آباد

دعویٰ: ادا حقوق زن آشوئی عنوان: طارق محمود بنام آسیہ بی بی اشتہار بنام: آسیہ بی بی دختر نذیر احمد قوم کھرل سکنہ کوٹ نہال سنگھ چکی تحصیل و ضلع ننکانہ صاحب ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ تعمیل سمن سے گریزاں ہے ان کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مدعا علیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ بتقرر مورخہ۔ 19.01.2024 کو بوقت 9:00 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً عدالت میں حاضر ہوں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر نہ ہوگا۔ آج بدستخط مہر عدالت جاری کیا ہے

بعدالت جناب خاور رفیق صاحب سول جج سیالکوٹ

1 کوثر پروین بیوہ محمد رفیق ساکن مکان نمبر 20/26 محلہ راماتلائی، شہر سیالکوٹ 2 سیدہ محمد رفیق زوجہ عدنان سہیل (دختر محمد رفیق) ساکن بھٹی سٹریٹ، محلہ حاجی پورہ، فتح گڑھ روڈ سیالکوٹ (ڈگریداران) بنام طیب رفیق ولد محمد رفیق زوجہ عدنان سہیل (دختر محمد رفیق) ساکن مکان نمبر 20/26 راماتلائی، سیالکوٹ (مدیون) دعویٰ دخلیابی حصہ جائیداد بذریعہ تقسیم جداگانہ معہ حکم امتناعی دوامی معہ دلاپانے کرایہ سابقہ ایک سال و آئندہ تا فیصلہ دعویٰ

)

۔۔۔۔تفصیل جائیداد زیر نیلام نیلام ہائے۔۔۔۔)

1. ایک قطعہ کمرشل جائیداد بررقبہ تعدادی دس مرلے (0K-10M) ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن نمبر XXI-3S-5/RH-SHOPS مطابق سیریل نمبر PTI,235 سال 2001-02 دستاویز بیع نامہ نمبری 3294 بہی نمبر 1 جلد نمبر 1348 مورخہ 28-05-1984 مصدقہ دفتر سب رجسٹرار سیالکوٹ واقع بازار راماتلائی شہر سیالکوٹ

2 . ایک قطعہ مکان بر رقبہ تعدادی پانچ مرلے (0K-5M) بروئے دستاویز بیع نامہ نمبری 348 بہی نمبر 1 جلد نمبر 1193 مورخہ 09-01-1979 واقع گلی قبرستان والی محلہ فتح گڑھ، شہر سیالکوٹ

جائیداد نمبر 1
جائیداد نمبر 2
ریزرو پرائس بمطابق مارکیٹ ویلیو
ریزرو پرائس بمطابق مارکیٹ ویلیو
پانچ کروڑ پانچ لاکھ روپے (RS=5,50,00,000/-)
چالیس لاکھ روپے (RS=40,00,000/-)

(شیڈول نیلام)

مقام نیلام
جائیداد زیر نیلام نمبر 2
جائیداد نمبر 1 بر موقع بازار راماتلائی شہر سیالکوٹ
اشتہار چسپانگی در عدالت
مورخہ 24-01-2024
جائیداد نمبر 2 بر موقع گلی قبرستان والی، محلہ فتح گڑھ سیالکوٹ
اشتہار چسپانگی بر موقع
مورخہ 25-01-2024

نیلام عام
مورخہ 10-02-2024

بروز ہفتہ

جائیداد نمبر 1 بوقت 12:00 بجے دوپہر

جائیداد نمبر 2 بوقت 2:00 0 بجے دوپہر

(شرائط نیلام)

1. جائیداد زیر نیلام نمبر 1 کی بولی بمطابق ریزرو پرائس مبلغ چار کروڑ ساٹھ لاکھ روپے (RS=4,60,00,000/-) اور جائیداد زیر نیلام نمبر 2 کی بولی بمطابق ریزرو پرائس تیس لاکھ دس ہزار روپے (RS=30/10/000/-) سے شروع کی جائے گی۔ 2 بولی شروع ہونے سے پہلے ہر بولی دہندہ مبلغ RS=2,00,000/- روپے بطور زرضمانت کورٹ آکشنر کے پاس جمع کروائے گا 3 کامیاب بولی دہندہ کامیاب بولی کا 20فیصد فوری طور پر بوقت خاتمہ بولی با اخذ رسید کورٹ آکشنر کے پاس جمع کروانے کا پابند ہے، بولی کی رقم اندر 7یوم کامیاب بولی دہندہ عدالت حضور میں جمع کروانے کا پابند ہے۔ کورٹ آکشنر نیلامی کا تمام ریکارڈ اپنے پاس محفوظ کرے گا۔ اور ناکام بولی دہندگان کو ان کی رقم زر ضمانت RS=2,00,000/- روپے واپس کر دے گا۔ جبکہ کامیاب بولی دہندہ کے RS=2,00,000/- روپے بطور زرضمانت کامیاب بولی دہندہ کی بولی کی رقم میں ایڈجسٹ کرے گا 4 . کورٹ آکشنر مطلوبہ رقم بصورت کیش، کراس چیک، ڈیمانڈ ڈرافٹ یا بینکر چیکس یا اخذ رسید وصول کرے گا۔ 5 اگر کامیاب بولی دہندہ اندر میعاد 7یوم بولی کی تمام رقم عدالت حضور جمع کروائے گا تو اس کی بولی کو عدالت حضور کنفرم فرمائے گی۔ اور کامیاب بولی دہندہ کو قبضہ جائیداد زیر نیلام دلوائے گی۔ اور بولی کی رقم کو تمام مشترکہ مالکان و حصہ داران کو ان کے حصص کے مطابق تقسیم فرمائے گی۔ اگر کامیاب بولی دہندہ بولی کی بقیہ رقم اندر 7یوم عدالت حضور میں جمع نہیں کروات تو عدالت حضور اس کی جمع شدہ 20فیصد بولی کی رقم کو دی الفور Forfeite کر لے گی اور جائیداد زیر نیلام کو دوبارہ اوپن آکشن کے ذریعے بمطابق قانون نیلام کروائے گی۔ 6۔ نیلامی کی حتمی منظوری عدالت حضور دے گی تاہم عدالت کو پورا اختیار ہے کہ وہ کوئی بھی بولی منظور یا نامنظور کرنے کی وجوہات ظاہر نہ کرے 7 زیر دستخطی اپنی مرضی سے بولی بڑھائے گا اگر بابت بولی کوئی تنازعہ اٹھایا گیا تو نیلام دوبارہ شروع ہوگا۔ 8 تفصیل جائیداد جو شیڈول میں دکھائی گئی ہے بمطابق مثل و بمطابق علم و بمطابق اطلاع درست ہے 9 زیر دستخطی بغیر وجہ بتائے کسی بھی بولی یا نیلام کو منسوخ یا ملتوی کرنے کا اختیار رکھتا ہے 10۔ جائیداد متذکرہ بالا کے متعلق چھان بین بذمہ خریدار ہوگی۔ 11 بولی دہندگان اپنا شناختی کارڈ بمعہ ایک عدد فوٹو کاپی ہمراہ لائیں 12 دیگر شرائط و ضابطہ کی کارروائی کے متعلق موقعہ پر مطلع کیا جائیگا۔ نوٹ:۔ دیگر اضافی معلومات کیلئے زیر دستخطی سے رجوع کیا جا سکتا ہے کورٹ آکشنر: چوہدری محمد رضا ایڈووکیٹ ہائی کورٹ ضلع کچہری سیالکوٹ موبائل: 0345-4011177

بعدالت جناب ریونیو آفیسر صاحب 63 گ ب/ADLR جڑانوالہ

ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ عائشہ صدیقہ زوجہ محمد انور (دختر محمد شریف) جو کہ چک نمبر 63 گ ب تحصیل جڑانوالہ ضلع فیصل آباد میں مالک اراضی فوت ہو چکی ہے۔ جس کے وارثان میں بشیراں بی بی والدہ، محمد شریف والد (پہلے فوت شدگان)۔ محمد انور (بعد میں فوت شد)۔ محمد اویس انور، محمد عمیر انور، محمد حمزہ، محمد ابوبکر انور پسران، عفت انور، اریبہ انور، عزیزہ انور دختران (زندہ) حیات وارث تصدیق ہوئے اگر کسی کو کوئی عذر ہو تو وہ بعد از اشاعت 7یوم کے اندر اندر دفتر ہذا سے رجوع کریں بعد میں کوئی عذر قبول نہ ہوگا۔

بعدالت اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈز/نائب تحصیلدار تحصیل جھنگ

عنوان: تصدیق انتقال وراثت چک نمبر 175 ج ب تحصیل و ضلع جھنگ۔ ہرگاہ خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ (متوفیہ) نور بھری دختر سردول کے وارثان سردول، صلاح بی بی والدین پہلے فوت شد۔ نور محمد خاوند، محمد لطیف، محمد رمضان، نسیم پسران دو دختر زندہ ظاہر کیے گئے ہیں۔ وارثان بارے اگر کسی کو کوئی عذر اعتراض ہو تو اندر سات یوم اپنا عذر اعتراض پیش عدالت زیردستخطی کرے بعد از گزرنے میعاد کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائیگا۔

بعدالت جناب سعید برکت صاحب سول جج سیالکوٹ

دعویٰ تکمیل معاہدہ مختص عنوان احسان اللہ بنام جاوید اقبال وغیرہ اشتہار بنام 2 سید غلام عباس ولد سید رفاقت علی شاہ سکنہ موضع سندرانہ سیداں تحصیل و ضلع سیالکوٹ 3 الطاف حسین ولد صادق حسین سکنہ مکان نمبر 33/110 چوک عمر فاروق محلہ دھاروال شہر سیالکوٹ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہو رہی ہے اس لیے اشتہار ہذا بنام مدعا علیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعا علیہ تاریخ 17-01-2024 بوقت صبح 9 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کارروائی یک طرفہ عمل میں آوے گی آج بدست ہمارے اور مہر عدالت جاری ہوا ہے

بعدالت جناب قدسیہ بانو صاحبہ سول جج سیالکوٹ

دعویٰ استقرار حق عنوان عامر شہباز وغیرہ بنام عوام الناس اشتہار بنام عوام الناس عامر شہباز پسر عمر شہباز ساکنان کوچہ شمساں مکان نمبر 1/18 نیکا پورہ سیالکوٹ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہو رہی ہے اس لیے اشتہار ہذا بنام عوام الناس کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر عوام الناس تاریخ 17-01-2024 بوقت صبح 9 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کارروائی یک طرفہ عمل میں آوے گی آج بدست ہمارے اور مہر عدالت جاری ہوا ہے

بعدالت جناب ریونیو آفیسر صاحب 109 ر۔ب/ADLR جڑانوالہ

ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ارشاد بی بی زوجہ امداد علی (دختر غلام قادر) جو کہ چک نمبر 109 ر۔ب تحصیل جڑانوالہ ضلع فیصل آباد میں مالک اراضی فوت ہو چکی ہے۔ جس کے وارثان میں حمیداں بی بی والدہ، غلام قادر والد (پہلے فوت شدگان)۔ امداد علی خاوند، عدنان علی، خاور ریاض پسران، شمع شہناز، ثناء فاطمہ، حفظہ امداد دختران (زندہ) حیات وارث تصدیق ہوئے اگر کسی کو کوئی عذر ہو تو وہ بعد از اشاعت 7یوم کے اندر اندر دفتر ہذا سے رجوع کریں بعد میں کوئی عذر قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب محترمہ سدرہ گل نواز صاحبہ سول جج گوجرانوالہ

دعویٰ استقرار حق عنوان۔ عمر بنام عوام الناس وغیرہ عمر ولد معراج الدین ساکن گلی ملت گرلز سکول والی گوندلانوالہ روڈ گوجرانوالہ بنام عوام الناس وغیرہ اشتہار بنام عوام الناس ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر اعتراض ہو تو تاریخ مقررہ مورخہ 29-01-2024 بوقت 9 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً و وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔ اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب ریونیو آفیسر صاحب 109 ر۔ب/ADLR جڑانوالہ

ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ارشد علی ولد سردار محمد جو کہ چک نمبر 109 ر۔ب تحصیل جڑانوالہ ضلع فیصل آباد میں مالک اراضی فوت ہو چکا ہے۔ جس کے وارثان میں غلام بی بی والدہ، سردار محمد والد، فیصل پسر (پہلے فوت شدگان)۔ غزالہ کوثر بیوہ (بعد میں فوت شد) اسد پسر، انیتا فروا دختر (زندہ) حیات وارث تصدیق ہوئے اگر کسی کو کوئی عذر ہو تو وہ بعد از اشاعت 7یوم کے اندر اندر دفتر ہذا سے رجوع کریں بعد میں کوئی عذر قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب محترمہ سونیا صفدر بھٹی صاحبہ سول جج گوجرانوالہ

دعویٰ تنسیخ نکاح بربنائے خلع عنوان۔ عشرت پروین بنام محمد انور اشتہار بنام۔ محمد انور ولد نور محمد ذات مغل ساکن محلہ قاضی کوٹ بالمقابل گلی ڈیرہ چوہدری امتیاز صفدر روڈ نزد لدھیوالہ وڑائچ گوجرانوالہ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر اعتراض ہو تو تاریخ مقررہ مورخہ 13-01-2024 بوقت 9 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً و وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔ اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہو گا۔

بعدالت جناب ریونیو آفیسر صاحب 274 گ ب/ ADLR جڑانوالہ

ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ممتاز بی بی زوجہ ظہور احمد (دختر خان محمد عرف خانو) جو کہ چک نمبر 274 گ ب تحصیل جڑانوالہ ضلع فیصل آباد میں مالک اراضی فوت ہو چکی ہے۔ جس کے وارثان میں رائعہ بی بی والدہ، خان محمد عرف خانو والد (پہلے فوت شدگان)۔ ظہور احمد خاوند، محمد ندیم اختر، شاہد عباس، زاہد عباس، محمد سلیم، محمد مجاہد پسران، پٹھانی بی بی، شگفتہ پروین، کرن ظہور، رفعت ظہور دختران (زندہ) حیات وارث تصدیق ہوئے اگر کسی کو کوئی عذر ہو تو وہ بعد از اشاعت 7یوم کے اندر اندر دفتر ہذا سے رجوع کریں بعد میں کوئی عذر قبول نہ ہو گا۔

بعدالت جناب ثمرہ وحید صاحبہ سول جج درجہ سوئم جج فیملی کورٹ ٹوبہ ٹیک سنگھ

عنوان: نازیہ نرگس بنام محمد رمضان دعویٰ: تنسیخ نکاح بربنائے خلع اخبار اشتہار بنام: محمد رمضان ولد محمد اسلم قوم راجپوت ساکن چک نمبر 256 گ ب پہلور تحصیل و ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ ہرگاہ مدعا علیہ کی تعمیل بذریعہ سمن نوٹس آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ دعویٰ ہذا میں بتقرر 16-01-2024 صبح 8:00 بجے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آویں مابعد کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب آصف علی چوہدری صاحب جج فیملی کورٹ جھنگ

عنوان مقدمہ: ادا حیات وغیرہ بنام اشفاق۔ دعویٰ تنسیخ نکاح، خرچہ نان و نفقہ، واپسی سامان جہیز۔ اخبار اشتہار بنام اشفاق ولد عبدالعزیز ذات راجپوت سکنہ ڈاک خانہ خاص چک نمبر 121 گ ب سورج کند تحصیل جڑانوالہ ضلع فیصل آباد ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ممکن نہ ہے اسلئے بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر 16.01.2024 کو بوقت 8 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آ کر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔

1۔ بعدالت جناب حافظ محمد جہانگیر صاحب نائب تحصیلدار/ ریونیو آفیسر حلقہ قانونگوئی گنڈا سنگھ والا قصور

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ حال متوفی جعفر علی ولد قاسم علی (لاولد فوت شدہ) قوم کمبوہ ساکن موضع سجرہ تحصیل و ضلع قصور واقع موضع سجرہ تحصیل و ضلع قصور برائے تصدیق وارثان درج رجسٹر کروایا ہے اور حسب ذیل وارثان تحریر کروائے ہیں۔ والد قاسم علی۔ والدہ نور بی بی، داراں بی بی بیوہ متوفی (تینوں پہلے فوت شد)، سیدی بی بی بیوہ دوئم (زندہ)، عاشق علی برادر پہلے فوت شد، صوباں بی بی، عزیزاں بی بی، ہمشیرگان متوفی تینوں پہلے فوت شد جبکہ محمد مختار برادر متوفی (زندہ) ہیں انکے علاوہ اور کوئی وارث ہو یا عوام الناس یا کسی ادارے کو عذر یا اعتراض ہو تو اشاعت ہذا کے سات یوم کے اندر عدالت زیردستخطی میں اصالتاً یا وکالتاً دائر کر سکتا ہے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈز/نائب تحصیلدار تحصیل جھنگ

عنوان: تصدیق انتقال وراثت موضع بڈھی ٹھٹھی تحصیل و ضلع جھنگ۔ ہرگاہ خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ (متوفی) باغ علی ولد محمد (لاولد فوت شد) کے وارثان (فقہ حنفیہ) محمد، رحمت بی بی والدین پہلے فوت شد۔ نورین بی بی زوجہ پہلے فوت شد، نشی برادر پہلے فوت شد کے وارثان حسی زوجہ پہلے فوت شد، فرزند علی، محمد اسلم پسران بعد فوت شد، محمد اکرم پسر زندہ۔ بلقیس بی بی دختر بعد فوت شد۔ عابدہ ہمشیرہ متوفیہ پہلے فوت شد کے وارثان عبداللہ خاوند پہلے فوت شد۔ انور عبداللہ، سرور عبداللہ پسران پہلے فوت شدگان، شوکت عبداللہ پسر بعد فوت شد، اشرف عبداللہ پسر زندہ۔ شریفاں بی بی دختر پہلے فوت شد ظاہر کیے گئے ہیں۔ وارثان بارے اگر کسی کو کوئی عذر اعتراض ہو تو اندر سات یوم اپنا عذر اعتراض پیش عدالت زیردستخطی کرے بعد از گزرنے میعاد کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائیگا۔

بعدالت جناب فائزہ اشفاق صاحبہ سول جج درجہ اول ٹوبہ ٹیک سنگھ

عنوان خالدہ پروین وغیرہ بنام صوبہ پنجاب وغیرہ دعویٰ استقرار حق اخبار اشتہار بنام: علی احمد ولد عطا محمد قوم آرائیں ساکن چک نمبر 328 گ ب تحصیل پیرمحل، محمد وسیم احمد، محمد رحیم احمد، محمد کلیم احمد، اقوام آرائیں چک نمبر 328 گ ب تحصیل پیرمحل ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ ہرگاہ مدعا علیہ کی تعمیل بذریعہ سمن نوٹس آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ دعویٰ ہذا میں بتقرر 11-01-2024 صبح 8:00 بجے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آویں مابعد کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب ثمرہ وحید صاحبہ سول جج درجہ سوئم جج فیملی کورٹ ٹوبہ ٹیک سنگھ

عنوان: نازیہ نرگس بنام محمد رمضان دعویٰ: تنسیخ نکاح بربنائے خلع اخبار اشتہار بنام: محمد رمضان ولد محمد اسلم قوم راجپوت ساکن چک نمبر 256 گ ب پہلور تحصیل و ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ ہرگاہ مدعا علیہ کی تعمیل بذریعہ سمن نوٹس آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ دعویٰ ہذا میں بتقرر 16-01-2024 صبح 8:00 بجے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آویں مابعد کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب فائزہ اشفاق صاحبہ سول جج درجہ اول ٹوبہ ٹیک سنگھ

عنوان خالدہ پروین وغیرہ بنام صوبہ پنجاب وغیرہ دعویٰ استقرار حق اخبار اشتہار بنام: علی احمد ولد عطا محمد قوم آرائیں ساکن چک نمبر 328 گ ب تحصیل پیر محل، محمد وسیم احمد، محمد رحیم احمد، محمد کلیم احمد، اقوام آرائیں چک نمبر 328 گ ب تحصیل پیرمحل ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ ہرگاہ مدعا علیہ کی تعمیل بذریعہ سمن نوٹس آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ دعویٰ ہذا میں بتقرر 11-01-2024 صبح 8:00 بجے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آویں مابعد کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب احمد ضیاء چوہدری صاحب سول جج درجہ اول گجرات

دعویٰ: استقرار حق معہ داد رسی مستقلہ عنوان: عمران اسلم بنام ایڈمنسٹریٹر وغیرہ اشتہار بنام: ایڈمنسٹریٹر میونسپل کارپوریشن گجرات، ایڈمنسٹریٹر / سیکرٹری یونین کونسل نمبر 12 گجرات ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہم کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا ممکن نہ ہے لہذا مدعا علیہم کو بذریعہ اخبار اشتہار طلب کیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ تاریخ پیشی 25-01-2024 بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائیگی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہو گا بدستخط میرے معہ مہر عدالت جاری ہوا

بعدالت جناب عرفان سعید صاحب ایڈیشنل ڈسٹرکٹ جج گجرات

دعویٰ: زیر آرڈر 37 بابت Negotionable Instumeat مالیت /17500000 روپے عنوان: محمد زمان بنام حسن علی وغیرہ اشتہار بنام: حسن علی، احمد علی پسران نبی قوم جٹ وڑائچ ساکنائے بوٹے تحصیل و ضلع گجرات ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہم کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا ممکن نہ ہے لہذا مدعا علیہم کو بذریعہ اخبار اشتہار طلب کیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ تاریخ پیشی 15-01-2024 بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائیگی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہو گا بدستخط میرے معہ مہر عدالت جاری ہوا

بعدالت جناب میڈم عاصمہ سعید صاحبہ جج فیملی کورٹ گجرات

دعویٰ: دلا پانے سامان جہیز بمطابق فہرست، طلائی زیورات وغیرہ عنوان: آفرین صابر بنام شرجیل احمد اشتہار بنام: شرجیل احمد ولد بشیر احمد سکنہ پنجوڑیاں تحصیل و ضلع گجرات ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا ممکن نہ ہے لہذا مدعا علیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار طلب کیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ تاریخ پیشی 19-01-2024 بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائیگی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہو گا بدستخط میرے معہ مہر عدالت جاری ہوا

بعدالت جناب ناصرہ منیر صاحبہ سول جج/ فیملی جج فیروزوالہ ضلع شیخوپورہ

دعویٰ تنسیخ نکاح بعنوان سیدہ فوزیہ بنام الیاس شاہ، اخبار اشتہار بنام الیاس شاہ ولد محمد افسر شاہ ساکن گاؤں چک ہیرا تحصیل و ضلع ایبٹ آباد، ہرگاہ درخواست عنوان بالا میں عوام الناس کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ بتقرر 16-01-2024 کو بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت پیش ہو ورنہ کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جاوے گی۔ (مہر عدالت) (دستخط حاکم)

بعدالت جناب میاں محمد امجد صاحب ریونیو آفیسر حلقہ قانونگوئی موضع کھڈیاں تحصیل و ضلع قصور

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ حال متوفی محمد حیات ولد عمر الدین واقع موضع ہر کے نول تحصیل و ضلع قصور برائے تصدیق وارثان درج رجسٹر کروایا ہے اور حسب ذیل وارثان تحریر کروائے ہیں۔ عائشہ بی بی بیوہ متوفی (زندہ)، خالد علی، شاہد علی، علی شان، سکندر علی پسران متوفی (زندہ) خالدہ حیات دختر متوفی (زندہ) ہیں انکے علاوہ اور کوئی وارث ہو یا عوام الناس یا کسی ادارے کو عذر یا اعتراض ہو تو اشاعت ہذا کے سات یوم کے اندر عدالت زیردستخطی میں اصالتاً یا وکالتاً دائر کر سکتا ہے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب حاجی عبدالمجید شاہد صاحب تحصیلدار/سب رجسٹرار قصور

ہرگاہ عوام الناس کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ محمد صادق پسر، پروین بی بی، نسرین بی بی دختران رحمت علی ذات جٹ ساکن کوٹ میر باز خاں قصور (بائعان) اپنی ملکیتی پراپرٹی مجملہ جائیداد نمبر BI-27S-5/RH تعدادی 1M-56FT واقع کوٹ میر باز خاں قصور بحق و بدست عابد علی ولد محمد رمضان ذات راجپوت ساکن گلی نمبر 1 اندرون کوٹ حلیم خاں تحصیل و ضلع قصور مشتری کو فروخت کر رہے ہیں۔ لہذا اس پر عوام الناس کسی بنک یا ادارہ یا کسی دیگر وارث کو کوئی عذر یا اعتراض ہو تو اشاعت ہذا کے سات یوم اندر معہ ثبوت کیساتھ کرے۔ بصورت دیگر بیع نامہ رجسٹر کر دیا جائے گا اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

بعدالت جناب حاجی عبدالمجید شاہد صاحب تحصیلدار/AC1 قصور

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ حال متوفی امجد صدیق ولد محمد صدیق واقع موضع شہاب پور تحصیل و ضلع قصور برائے تصدیق وارثان درج رجسٹر کروایا ہے اور حسب ذیل وارثان تحریر کروائے ہیں۔ والد محمد صدیق (پہلے فوت شد)، والدہ حلیمہ بیگم متوفی (زندہ)، رضیہ بی بی بیوہ متوفی (زندہ)، عمران امجد، عرفان امجد پسران متوفی (زندہ)، عائشہ امجد دختر متوفی (زندہ) ہیں انکے علاوہ اور کوئی وارث ہو یا عوام الناس یا کسی ادارے کو عذر یا اعتراض ہو تو اشاعت ہذا کے سات یوم کے اندر عدالت زیردستخطی میں اصالتاً یا وکالتاً دائر کر سکتا ہے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب محمد آصف اقبال ڈوگر صاحب جج کمالیہ ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ

عنوان: فخر سلطانہ دختر محمد حنیف زوجہ اعجاز احمد قوم آرائیں سکنہ چک نمبر 738 گ ب کمالیہ بنام عوام الناس درخواست ولائت درخواست ولائت میں عوام الناس کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 27-01-2024 کو صبح 9 بجے حاضر عدالت آویں عدم حاضری کی صورت میں کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی بھی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب مدیحہ نورین صاحبہ سول جج پاکپتن شریف

عنوان مقدمہ: غلام رسول، بنام: صوبہ پنجاب وغیرہ، دعویٰ: استقرار حق بذریعہ دخلیابی و حکم امتناعی دوامی و تاکیدی، بنام: عمران احمد ولد سیف اللہ قوم کھوکھر ساکن مکان نمبر 1/S.P سادیوالا دیپالپور حال مقیم چک فرید کوٹ تحصیل و ضلع پاکپتن شریف۔ ہرگاہ مقدمہ میں مدعا علیہ / مدعا علیہم کی تعمیل آسان ذرائع سے ممکن نہیں ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ مقررہ 15-01-2024 کو بوقت 8 بجے صبح اصالتاً وکالتاً حاضر عدالت پیروی و جواب دہی مقدمہ عنوان بالا کریں عدم حاضری کی صورت میں کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب محمد پرویز صاحب نائب تحصیلدار پیرمحل ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ

عنوان۔ عمران اکرم وغیرہ بنام محمد افضل وغیرہ۔ درخواست تقسیم اراضی کھیوٹ نمبر 75 کھتونی نمبران 259 تا 265 سالم کھاتہ 65K-03M-90SKF واقع چک نمبر 719 گ ب تحصیل پیرمحل ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ۔ اخبار اشتہار بنام۔ محمد افضل ولد عمر دین، کاشف اکرام ولد اکرام الحق اقوام جٹ ساکنان چک نمبر 721 گ ب تحصیل پیرمحل، محمد نواز، مختار حسین، وقار حسین، زوار حسین پسران غلام محمد اقوام سہو ساکنان چک نمبر 717 گ ب تحصیل کمالیہ، عاطف ولد طالب حسین قوم آرائیں ساکن چک نمبر 722 گ ب، محمد اعجاز ولد حامد علی قوم بھٹی، اصغر علی ولد طالب حسین، قوم گوپے، صفدر، اشرف پسران محمد رفیق اقوام آرائیں، سلطان، محمد عثمان پسران جان محمد، محمد یوسف ولد عمر دین اقوام آرائیں ساکنان چک نمبر 719 گ ب تحصیل پیرمحل ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا ممکن نہ ہے لہذا آپ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مقررہ تاریخ پیشی مورخہ 16/01/2024 بوقت صبح 9 بجے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب تحصیل پیرمحل ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ

عنوان: کیے جانے وراثتی انتقال شجرہ نسب موضع رام پور تحصیل پیرمحل ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ عوام الناس کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ انتقال وراثت متوفیہ صابن بیوہ محمد نواز سیال سنپال ساکن موضع رام پور تحصیل پیرمحل برائے تصدیق پیش ہوا ہے۔ جس میں متوفیہ کے وارثان میں محبت والد متوفی، فتح بی بی والدہ متوفی) پہلے فوت شدگان (محمد نواز خاوند متوفیہ بعد میں فوت شد، محمد مظہر نواز، محمد اظہر نواز پسران متوفیہ، شازیہ نواز دختر متوفیہ زندہ وارث ظاہر کیے گئے ہیں ان کے علاوہ کوئی وارث ہو تو اندر میعاد 3 یوم عدالت ہذا سے رجوع کرے بصورت دیگر انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائے گا اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب رائے محمد یسین صاحب تحصیلدار پیرمحل ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ

عنوان۔ اصغر علی بنام غلام محمد وغیرہ۔ درخواست تقسیم اراضی کھیوٹ نمبر 42 کھتونی نمبر 314 سالم کھاتہ 08K-18M واقع موضع بھوتی تحصیل پیرمحل ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ۔ اخبار اشتہار بنام۔ غلام محمد بذریعہ وارثان نسیم بی بی، تسلیم بی بی، عائشہ بی بی، رضیہ بی بی دختران غلام محمد، مائی گاماں بذریعہ وارثان عمر دراز، ارشاد حسین پسران مائی گاماں اقوام سرگانہ ساکنان موضع بھوتی تحصیل پیرمحل ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا ممکن نہ ہے لہذا آپ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مقررہ تاریخ پیشی مورخہ 16/01/2024 بوقت صبح 9 بجے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔

بعدالت جناب نوید انجم چوہدری صاحب سول جج/جج فیملی کورٹ پیرمحل ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ

۔دعویٰ دلاپانے واپسی سامان جہیز۔ عنوان۔ بشریٰ شہزادی بنام حامد رضا۔ اخبار اشتہار بنام۔ حامد رضا ولد عمر دراز شہزادہ قوم سپرا ساکن موضع میرک سیال تحصیل شورکوٹ ضلع جھنگ مدعا علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا مدعا علیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ دعویٰ ہذا میں بتقرر 25/01/2024 بوقت صبح 9 بجے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آویں عدم حاضری کی صورت میں کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی بھی عذر قابل قبول نہ ہوگا

بعدالت جناب اعجاز محمود صاحب جج فیملی کورٹ پاکپتن

،عنوان مقدمہ: یاسمین بی بی، بنام: اصغر علی ولد محمد شریف ذات رحمانی ساکن 19/S.P پاکپتن، دعویٰ: تنسیخ نکاح۔ ہرگاہ مقدمہ میں مدعا علیہ / مدعا علیہم کی تعمیل آسان ذرائع سے ممکن نہیں ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ مقررہ 15-01-2024 کو بوقت 8 بجے صبح اصالتاً وکالتاً حاضر عدالت پیروی و جواب دہی مقدمہ عنوان بالا کریں عدم حاضری کی صورت میں کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب اسماء رشیدہ صاحبہ سول جج فیروزوالہ ضلع شیخوپورہ

دعویٰ استقرار حق معہ حکم امتناعی دوامی و تاکیدی بعنوان ضمیر احمد شاہ بنام مظہر شاہ وغیرہ اخبار اشتہار بنام مظہر شاہ، شاہدہ بی بی دختر مشتاق حسین ساکنان جوئیانوالہ تحصیل مریدکے ضلع شیخوپورہ، تنویر شاہ ولد مشتاق حسین ساکن فتح پور فاروق آباد تحصیل و ضلع شیخوپورہ، ہرگاہ دعویٰ عنوان بالا میں مدعا علیہم کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مدعا علیہم کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ بتقرر 17-01-2024 کو بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت پیش ہو ورنہ کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جاوے گی۔ (مہر عدالت) (دستخط حاکم)

تخلیقی ذہن رکھنے والے طلبا ہمارا قیمتی سرمایہ ہیں، پروفیسر ڈاکٹر قیصر عباس

طالب علموں کو نئی راہیں دکھانا اور انہیں اس قابل بنانا کہ وہ فارغ التحصیل ہونے کے بعد ناصرف وطن عزیز کے مفید شہری بنیں

پوری دنیا میں وہ پاکستان کا نام روشن کرسکیں، سرگودھا یونیورسٹی کی وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر قیصر عباس کا اجلاس سے خطاب

سرگودھا (یو این پی) سرگودھا یونیورسٹی کی وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر قیصر عباس نے کہا کہ یونیورسٹی کے طالب علم بالخصوص تخلیقی ذہن رکھنے والے ہمارا قیمتی سرمایہ ہیں جو روشن مستقبل کی ضمانت ہیں۔ زرائع کے مطابق یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر قیصر عباس نے خصوصی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہا کہ طالب علموں کو نئی راہیں دکھانا اور انہیں اس قابل بنانا کہ وہ فارغ التحصیل ہونے کے بعد ناصرف وطن عزیز کے مفید شہری بنیں بلکہ پوری دنیا میں وہ پاکستان کا نام روشن کرسکیں۔ انہوں نے کہا کہ انہی امور کو مدنظر رکھتے ہوئے ہم نے یونیورسٹی میں باقاعدہ ای روزگار کا شعبہ بنایا ہے جس کے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر42)

لاہور: مزدور امامیہ کالونی فلائی اوور منصوبے کے تعمیراتی کاموں میں مصروف ہیں

گجرات بار انتخابات، ممبر پنجاب بار کونسل چوہدری رخسار احمد نے صدارتی میدان مار لیا

رخسار احمد چوہدری ایڈووکیٹ نے 179 ووٹوں کے مارجن سے صدر منتخب

کامیاب ہونے والے امیدواروں کو پھولوں کی مالا کے ہار پہنائے گئے اور وکلا میں مٹھائی تقسیم کی گئی

گجرات (صغیر احمد قمر) گجرات بار انتخابات ممبر پنجاب بار کونسل چوہدری رخسار احمد نے صدارتی میدان مار لیا، رخسار احمد چوہدری ایڈووکیٹ نے 179 ووٹوں کے مارجن سے صدر منتخب، مدمقابل امیدوار محمد عرفان ارشد وڑائچ ایڈووکیٹ نے 585 ووٹ حاصل کیے، نائب صدر کی سیٹ پر رضوان فیصل ڈار ایڈووکیٹ 596 ووٹ حاصل کر کے کامیاب قرار، مدمقابل زاہدہ یوسف ایڈووکیٹ نے 566 ووٹ اور راجہ صغیر احمد ایڈووکیٹ نے 132 ووٹ حاصل کیے جبکہ نائب صدر کے 52 ووٹ مسترد ہوئے۔ جنرل سیکرٹری کی سیٹ ممبر پنجاب بار کونسل چوہدری اورنگزیب مرل ایڈووکیٹ کے حمایت یافتہ چوہدری رضوان حسین ایڈووکیٹ 28 ووٹوں کے مارجن سے کامیاب مدمقابل امیدوار اشتیاق احمد وڑائچ ایڈووکیٹ نے 652 ووٹ حاصل کیے اور 15 ووٹ مسترد ہوئے، دن بھر احاطہ سیشن کورٹ میں ووٹرز کی گہما گہمی رہی، 1578 ووٹرز میں سے 1347 ووٹرز نے ووٹ کاسٹ کرنے کا حق رائے دہی استعمال کیا، کامیاب ہونے والے دونوں امیدوار صدر رخسار احمد چوہدری ایڈووکیٹ اور نائب صدر رضوان فیصل ڈار ایڈووکیٹ مشترکہ پینل کے حمایت یافتہ تھے۔ جبکہ سیکرٹری کی سیٹ پر کامیاب ہونے والے چوہدری رضوان حسین ایڈووکیٹ ممبر پنجاب بار کونسل چوہدری اورنگزیب مرل ایڈووکیٹ پینل کے حمایت یافتہ امیدوار تھے، گجرات بار کی تاریخ میں پہلی مرتبہ گجرات بار کے ممبران نے پینل سے ہٹ کر امیدواران کو ووٹ دیکر کامیابی سے ہمکنار کیا۔ کامیابی پر وکلا کی جانب سے ڈھول کی تھاپ پر بھنگڑے، کرنسی نوٹ نچھاور کیے گئے اور کامیاب ہونے والے امیدواروں کو پھولوں کی مالا کے ہار پہنائے گئے اور وکلا میں مٹھائی تقسیم کی گئی۔

پہلے کراس بارڈر آئل منصوبے نے 300,000 ٹن کا سنگ میل عبور کرلیا

ایس سی او ڈی اے ایس سی او رکن ممالک کے درمیان تجارت اور کاروبار کے لئے ایک اہم مرکز کے طور پر ابھر

چھنگڈاو (یو این پی) ایس سی او ڈی اے شنگھائی تعاون تنظیم کے رکن ممالک کے درمیان تجارت اور کاروبار کے لئے ایک اہم مرکز کے طور پر ابھرا، پہلے کراس بارڈر آئل منصوبے نے 300,000 ٹن کا سنگ میل عبور کر لیا۔ چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق پاکستان۔ چائنہ سینٹر، پاکستان اور چین کے ایسٹ سی گروپ کے اشتراک سے پہلا بین الاقوامی بلک آئل ٹریڈ پروجیکٹ حال ہی میں چ چائنہ۔ ایس سی او لوکل اکنامک اینڈ ٹریڈ کوآپریشن ڈیمونسٹریشن ایریا (ایس سی او ڈی اے) چین کے صوبہ شانگ ڈونگ کے شہر چھنگڈاو میں شروع کیا گیا۔ اس منصوبے کے تحت ملائیشیا بلینڈ خام تیل کی ابتدائی کھیپ، جو 300,000 ٹن ہے، ایس سی او ڈی اے اور شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے رکن ممالک کے درمیان سرمایہ کاری کے تعاون کو گہرا کرنے کی نشاندہی کرتی ہے۔ چائنہ اکنامک نیٹ کے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 34)

نارووال: ماڈرن چلڈرن ہومز میں موجود بچے کرکٹ کھیل رہے ہیں

سینیٹر تاج حیدر کا چیف الیکشن کمشنر کو خط لکھ، پی پی 163 سے محمد فیاض بھٹی کے نشان کی الاٹمنٹ میں بے ضابطگی پر گہری تشویش کا اظہار

اسلام آباد (یو این پی) انچارج سنٹرل الیکشن سیل پاکستان پیپلز پارٹی سینیٹر تاج حیدر نے چیف الیکشن کمشنر کو خط لکھ کر پی پی 163، پنجاب سے پی پی پی کے امیدوار محمد فیاض بھٹی کے نشان کی الاٹمنٹ میں بے ضابطگی پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔ اپنے خط میں سینیٹر ساج حیدر نے کہا کہ محمد فیض بھٹی نے 12 جنوری 2024 کو پی پی پی کا ٹکٹ متعلقہ ریٹرننگ آفیسر کو جمع کروایا۔ سینیٹر تاج حیدر نے کہا کہ انہیں ایک آزاد امیدوار کے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر37)

فضائی نقل وحمل میں سہولت، پاکستان اور چین کے درمیان نئے کارگو روٹ کا آغاز

لاہور (یو این پی) پاکستان اور چین کے درمیان فضائی نقل وحمل میں سہولت کے لیے نئے کارگو روٹ کا آغاز کر دیا گیا، ایزو۔ لاہور کارگو روٹ سے ہر ہفتے 300 ٹن سے زیادہ فضائی نقل وحمل کی جائے گی۔ گوادر پرو کے مطابق چین کی سب سے بڑی ایئر کارگو کیریئر ایس ایف ایئر لائنز نے کہا ہے کہ وسطی چین کے صوبے ہوبئی کے ایزو ہواہو ایئر (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر38)

علامہ مسعود الرحمن عثمانی کے قاتلوں کو گرفتار کیا جائے، سنی علماء کونسل

نگران حکمران اور سکیورٹی ادارے ہمارے جائز مطالبے پر فوری عمل کریں، مولانا حافظ حسین احمد

لاہور (این این آئی) صدر سنی علماء کونسل لاہور وصوبائی ترجمان مولانا حافظ حسین احمد نے کہا ہے کہ علامہ مسعود الرحمن عثمانی کے قاتلوں کو گرفتار کیا جائے، ہمیں دیوار سے لگانے کی کوشش نہ کی جائے مولانا مسعود الرحمن عثمانی کے قاتل گرفتار ہونا لمحہ فکریہ ہے، نگران حکمران اور سکیورٹی ادارے ہمارے جائز مطالبے پر فوری عمل کریں۔ اپنے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ ہماری جدوجہد سیدنا ابوبکر صدیقؓ اور صحابہ کرام واہل بیتؓ کی عزت وناموس کی حفاظت اور ان کے ایام کے موقع پر عام تعطیل کیلئے ہے۔ ازواج مطہرات کی عزت و ناموس پر کوئی آنچ نہیں دیں گے کیونکہ اس حوالے سے ہمارے 10 ہزار ساتھیوں نے قربانی دی ہے اور مزید بھی قربانی دینے کے لئے تیار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت اور (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر41)

لاہور: قلی ریلوے اسٹیشن کے باہر مسافروں کے انتظار میں بیٹھے ہیں

پی ٹی آئی اپنے ہی کھودے گڑھے میں گر گئی، کائرہ

اسلام آباد (یو این پی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما قمر زمان کائرہ نے عدالتی فیصلے پر ردعمل میں کہا ہے کہ پی ٹی آئی اپنے ہی کھودے گڑھے میں گر گئی۔ اپنے بیان میں قمر زمان کائرہ نے کہا کہ پی ٹی آئی نے جس طرح انٹرا پارٹی الیکشن کرائے وہ مشکوک تھے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کو (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر40)

مسلم لیگ لاہور کے جنرل سیکرٹری ندیم پہلوان کی خالد مقبول سے ملاقات

ملک کی مجموعی صورتحال خصوصاً سماجی سرگرمیوں کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ لاہور کے جنرل سیکرٹری محمد ندیم پہلوان نے سابق گورنر پنجاب لیفٹیننٹ جنرل (ر) خالد مقبول سے ملاقات کی جس میں ملک کی مجموعی صورتحال خصوصاً سماجی سرگرمیوں کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔ ندیم پہلوان نے خالد مقبول کی بطور گورنر پنجاب صوبے کی عوام کی بہتری کیلئے اٹھائے گئے اقدامات کو سراہا۔ انہوں نے خالد مقبول کی سماجی سرگرمیوں کے لئے خدمات کو بھی خراج تحسین پیش کیا۔ ندیم پہلوان نے سابق گورنر پنجاب لیفٹیننٹ جنرل (ر) خالد مقبول کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کیلئے ہمیں بھرپور اتحاد کی ضرورت ہے۔

ہمیشہ کی طرح میدان میں ڈٹ کر کھڑے ہیں، مقابلہ کرنے والے آجائیں، حاجی عرفان الحسن بھٹی

ننکانہ صاحب (یو این پی) پاکستان مسلم لیگ ن یوتھ ونگ کے ضلعی صدر حاجی عرفان الحسن بھٹی نے کہا ہے کہ ملک بھر میں پاکستان مسلم لیگ (ن) کے ہر شیر، ووٹر، سپورٹر قائد مسلم لیگ (ن) میاں نواز شریف کو چوتھی بار وزیراعظم (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر39)

پی ٹی آئی کی سینیٹر فلک ناز چترالی کو بیرونِ ملک جاتے ہوئے روک لیا گیا

اسلام آباد (یو این پی) تحریکِ انصاف کی سینیٹر فلک ناز چترالی کو بیرونِ ملک جاتے ہوئے ایف آئی اے نے روک لیا۔ ذرائع کے مطابق فلک ناز چترالی پرواز ای کے 615 کے ذریعے اسلام آباد سے دبئی جا رہی تھیں اس حوالے سے ذرائع نے بتایا کہ اسٹاپ لسٹ میں نام ہونے پر فلک ناز چترالی کو طیارے سے آف لوڈ کیا گیا۔

برائلر گوشت کی قیمت میں 13 روپے کلو اضافہ

لاہور (این این آئی) شہر میں پرچون سطح پر فی کلو برائلر گوشت کی قیمت مزید 13 روپے اضافے سے 615 روپے، زندہ برائلر مرغی کی قیمت 9 روپے اضافے سے 424 روپے فی کلو جبکہ فارمی انڈوں کی قیمت بھی مزید 2 روپے اضافے سے 400 روپے فی درجن کی سطح پر پہنچ گئی۔

وزارت صحت نے اوٹیز بند ہونی کی وجہ فنڈز کی کمی کو شکار دے دیا

اسلام آباد (یو این پی) وزارت صحت نے اوٹیز بند ہونی کی وجہ فنڈز کی کمی کو شکار دے دیا۔ ترجمان وزارت صحت نے بتایا کہ پمز اسپتال فنڈز کی کمی کا شکار ہے۔ ای ڈی پمز کے مطابق اوٹی کے باہر لسٹ کس نے، کس مقصد کے تحت لگائی، تحقیقات کی جارہی ہیں، اوٹی کے باہر آویزاں لسٹ بے بنیاد ہے، پمز انتظامیہ کا اسکا کوئی تعلق نہیں۔ ایگزیکٹیو ڈائریکٹر پمز کے مطابق وزارتِ صحت فنڈز کی کمی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر43)

الیکشن ملتوی کروانے کی ایک اور قرارداد سینیٹ سیکرٹریٹ میں جمع

اسلام آباد (یو این پی) الیکشن ملتوی کروانے کی ایک اور قرارداد سینیٹ سیکرٹریٹ میں جمع کرا دی گئی۔ یہ قرارداد سینیٹر ہلال الرحمن نے جمع کرائی جو فاٹا سے آزاد سینیٹر ہیں۔ قرارداد میں کہا گیا کہ شدید سردی اور برفباری خیبر پختونخوا میں شہریوں کو سازگار ماحول میں ووٹ ڈالنے سے روک رہی ہے، امیدواروں کو الیکشن مہم چلانے میں بھی بے شمار چیلنجز کا سامنا ہے۔ قرارداد میں کہا گیا کہ خیبر پختونخوا میں سیکیورٹی خدشات کے باعث امیدواروں کو دہشتگردوں کے حملے کا خدشہ ہے، صوبے کے ووٹرز اور امیدواروں میں احساسِ محرومی ہے۔ قرارداد میں کہا (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر44)

پاکستان کے سابق وزیراعظم محمد علی بوگرہ کی 61 ویں برسی 23 جنوری کو منائی جائے گی

مکوآنہ (یو این پی) پاکستان کے سابق وزیراعظم محمد علی بوگرہ کی 61 ویں برسی 23 جنوری کو منائی جائے گی وہ ملک خداداد پاکستان کے تیسرے وزیراعظم تھے جو کہ 1953ء سے 1955ء تک وزیراعظم کے منصب پر فائض رہے۔ 1947ء میں ہندوستان کی تقسیم کے نتیجے میں پاکستان کی آزادی کے بعد، انہوں نے کیریئر ڈپلومیٹ کی حیثیت سے وزارت خارجہ میں شمولیت اختیار کی اور مختصر طور پر برما، کینیڈا میں پاکستان کے سفیر کی حیثیت سے کام کیا اور امریکا میں خدمات انجام دیں۔ 1953 میں (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر45)

لاہور: محنت کش دہلی گیٹ میں ریڑھیوں پر گھریلو استعمال کی اشیا فروخت کررہے ہیں

اس بار عوام ووٹ مذہبی جماعتوں کو دیں، متحدہ علماء کونسل

سب نظام ناکام ہوچکے ملک کو بحرانوں کو نکالنے کیلئے نظام مصطفیٰ کا نفاذ وقت کی اہم ضرورت ہے

لاہور (این این آئی) متحدہ علماء کونسل پاکستان کے مرکزی صدر مولانا زاہد الراشدی، سیکرٹری جنرل سردار محمد خان لغاری، مرکزی ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا ڈاکٹر ملک محمد سلیم، ڈاکٹر فرید احمد پراچہ، مولانا محمد راغب حسین نعیمی، مولانا عبدالغفار روپڑی و دیگر نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ اس بار عوام ووٹ مذہبی جماعتوں کو دیں عوام ووٹ ایماندار اور دین کی تڑپ رکھنے والے کو دیں، نیک صالح اور دیندار قیادت کو عوام ووٹ دیں تاکہ ملک میں اسلام نظام کے نفاذ کی صورت بن سکے، سب (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر46)

اعتماد کرنے پر پارٹی قیادت، صدر لاہور سیف الملوک کھوکھر کا مشکور ہوں، ملک شہباز کھوکھر

اپنے قائدین کے اعتماد پر پورا اتروں گا، عوام کی فلاح وبہبود میرا اولین مشن ہے، امیدوار پی پی 162

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما وحلقہ پی پی 162 سے امیدوار ملک شہباز کھوکھر نے کہا ہے کہ پارٹی قیادت اور صدر لاہور ملک سیف الملوک کھوکھر کا تہہ دل سے شکرگزار ہوں کہ انہوں نے مجھے اعتماد کے قابل سمجھا، میں ان شاءاللہ اپنے قائدین نواز شریف، شہباز شریف اور مریم نواز کے اعتماد پر پورا اتروں گا اور اپنے پارٹی کے منشور پر من وعن عمل کروں گا، حلقہ کی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر47)

قیادت نے جس اعتماد کا اظہار کیا اس پر پورا اترنے کیلئے کوئی کسر اٹھا نہیں رکھوں گا، خالد کھوکھر

8 فروری کا سورج ملک اور عوام کی خوشحالی کی نوید لے کر طلوع ہوگا، امیدوار حلقہ پی پی 169

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما وامیدوار پی پی 169 ملک خالد کھوکھر نے کہا ہے کہ پارٹی قیادت نے جس اعتماد کا اظہار کیا ہے اس پر پورا اترنے کے لئے کوئی کسر اٹھا نہیں رکھوں گا، نواز شریف اور شہباز شریف کی قیادت میں عوام کو مشکلات کی دلدل سے نکالنے کیلئے پرعزم ہیں۔ کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) انتخابات میں کلین سویپ کرے گی اور عوام کی خوشحالی کے دن ایک مرتبہ پھر لوٹ کر آئیں گے۔ انہوں نے کہا کہ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر48)

انتخابات میں نورا کشتی، منافقت کی سیاست دفن ہوگی، ذبیح اللہ بلگن

جماعت اسلامی ایسا پاکستان تشکیل دے گی جو امت کا حقیقی ترجمان، عالمی چیلنجز کا مقابلہ کرسکے، امیدوار این اے 125

راولپنڈی (یو این پی) جماعت اسلامی کے رہنما، امیدوار حلقہ این اے 125 ذبیح اللہ بلگن نے کہا ہے کہ قوم پر مہنگائی، بے روزگاری، غربت مسلط کرنے والی سابقہ حکمران پارٹیوں کو باریاں لگانے کا کوئی حق نہیں، حکمران خود عیاشیاں کرتے ہیں عوام کو کہتے ہیں صبر کرو، آزمائی ہوئی جماعتیں سو سال بھی اقتدار میں رہیں تو ملک میں ترقی اور خوشحالی نہیں آ سکتی۔ انہوں نے انتخابی مہم کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اسلام کے نام پر بننے والے ملک میں گزشتہ 76 برسوں (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر49)

لاہور: جیلانی پارک میں ایک فیملی کشتی رانی کی سیر کررہے ہیں

موسم سرد ہوتے ہی مچھلی کی فروخت بڑھ گئی، قیمتوں میں بھی اضافہ

مچھلی کھانا بھی اب آسان نہیں رہا، مہنگائی بہت بڑھ چکی ہے، گزشتہ سال کی نسبت مچھلی کی قیمتوں میں بھی اضافہ ہوگیا

غریب آخر جائے تو جائے کدھر ادھر مارکیٹ ذرائع کے مطابق ایک برس میں دیگر اشیاء کی طرح مچھلی کی پیداواری لاگت بڑھ چکی ہے

ہیڈ مرالہ (مانیٹرنگ ڈیسک) موسم سرد ہونے سے مچھلی مارکیٹ کی رونق بڑھ گئی تاہم مہنگائی کے اثرات مچھلی منڈی تک بھی پہنچ گئے ہیں، گزشتہ سیزن کی نسبت مچھلی کی قیمتوں میں 50 فیصد تک اضافہ ہوگیا عوام کا کہنا ہے کہ مچھلی کھانا بھی اب آسان نہیں رہا، مہنگائی بہت بڑھ چکی ہے، گزشتہ سال کی نسبت مچھلی کی قیمتوں میں بھی اضافہ ہوگیا، غریب آخر جائے تو جائے کدھر ادھر مارکیٹ ذرائع کے مطابق ایک برس میں دیگر اشیاء کی طرح مچھلی کی پیداواری لاگت بڑھ چکی ہے، اس لئے اس کے نرخوں میں بھی اضافہ دیکھا جارہا ہے

لاہور: وزیر صنعت وتجارت پنجاب ایس ایم تنویر کا ملتان کی بزنس کمیونٹی سے ملاقات کے بعد گروپ فوٹو

ہماری سیاست کا مقصد خدمت ہے، (ن) لیگ عوام کی امیدوں پر پورا اترے گی، افضل کھوکھر

پی ٹی آئی نے عوام کو گمراہ کرکے ملک میں فرعونیت کا مظاہرہ کیا، 9 مئی کا جواب دینا ہوگا، انتخابی مہم میں گفتگو

راولپنڈی (یو این پی) مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما، امیدوار حلقہ این اے 125 ملک افضل کھوکھر نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) پاکستان کی سب سے بڑی جماعت ہے، ہماری ماضی کی کارکردگی سب کے سامنے ہیں، ہم کام کرنے والے خدمت کرنے والے لوگ ہیں، پی ٹی آئی نے عوام کو گمراہ کرکے ملک میں فرعونیت کا مظاہرہ کیا انہیں سانحہ 9 مئی کا جواب دینا ہوگا۔ انہوں نے انتخابی مہم کے دوران کارکنوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ نواز شریف نے اپنے تمام معاملات اللہ تعالیٰ کے سپرد کیے تھے الحمدللہ آج وہ ہر غیر قانونی غیر آئینی فیصلوں سے سرخرو ہورہے ہیں جبکہ مریم نواز شریف صرف (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر64)

جی ایس پی پلس پاکستان کی معیشت کیلئے انتہائی اہمیت کا حامل ہے، ڈاکٹر رینا کیونکا

یورپی یونین کی سفیر نے فارماسیوٹیکل انڈسٹری کے ساتھ تجارت بڑھانے پر غور کا عندیہ دیا ہے، عاطف اقبال

کراچی / لاہور (این این آئی) یورپی یونین کی سفیر ڈاکٹر رینا کیونکا (Riina Kionka,Dr) نے کہا ہے کہ جی ایس پی پلس پاکستان کی معیشت کے لیے انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان فارماسیوٹیکل انڈسٹری کی ممتاز شخصیت عاطف اقبال سے ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر جی ایس پی پلس اسٹیٹس کے پاکستانی معیشت پر مثبت اثرات کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ عاطف اقبال نے جی ایس پی پلس کی مدت میں توسیع پر یورپی یونین کی سفیر کا شکریہ ادا کیا اور تجویز پیش کی کہ پاکستان کی فارماسیوٹیکل کی ٹریڈ چاہے وہ امپورٹ یا (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر65)

برآمدی صنعتوں کیلئے نیا سٹریٹجک پلان آف ایکشن متعارف کرایا جائے، اعجاز الرحمان

تربیتی اداروں کو مینوفیکچررز، برآمد کنندگان کے ساتھ جامع مشاورت کی ضرورت ہے، چیئرپرسن سی ٹی آئی

لاہور (این این آئی) کارپٹ ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ کے چیئرپرسن اعجاز الرحمان نے کہا ہے کہ ہنر کی فراہمی کیلئے جاری پروگراموں پر نظرثانی کرنے اور جدت لانے کیلئے اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت ناگزیر ہے، برآمدی صنعتوں کے لیے نیا سٹریٹجک پلان آف ایکشن متعارف کرایا جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کارپٹ ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ کا دورہ کرنے والے ممتاز صنعتکاروں (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر66)

لاہور: محنت کش پڑھ پر لوہے کے وزنی گارڈر رکھ کر لے جارہا ہے

موسم کی تبدیلی کے ساتھ ہی ناک، کان، گلے کی بیماریوں میں اضافہ ہونے لگا

مکوآنہ (یو این پی) فیصل آباد اور نواحی اضلاع میں خنک وسرد موسم کے آغاز کے ساتھ ہی ناک، کان، گلے کی بیماریوں میں اضافہ ہونے لگا ہے۔ ایک سروے کے دوران مختلف فزیشنز اور ای این ٹی سپیشلسٹس سمیت ماہرین امراض سینہ نے بتایا کہ خنک وخشک سرد موسم اور بے جا آلودگی سمیت ٹھنڈے پانی، مشروبات، ترش (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر63)

گنے کی سب سے زیادہ پیداوار مالی سال 22۔2021 میں حاصل ہوئی

مکوآنہ (یو این پی) فیصل آباد سمیت ملک بھر میں گنے کی سب سے زیادہ پیداوار مالی سال 22۔2021 کے درمیان حاصل ہوئی۔ مالی سال 2018 تا 2022 کے عرصہ میں گنے کی سب سے کم پیداوار مالی سال 20۔2019 میں ریکارڈ کی گئی۔ اقتصادی جائزہ رپورٹ 22۔2021 کے مطابق مالی سال 18۔2017 کے دوران گنے کی قومی پیداوار 8 کروڑ 33 لاکھ 33 ہزار ٹن رہی تھی، تاہم آئندہ مالی سال 19۔2018 کے دوران گنے کی پیداوار کا حجم 6 کروڑ 71 لاکھ 74 ہزار ٹن (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر62)

پاکستان میں سولر پینل سے بجلی حاصل کرنے کے رجحان میں اضافہ

مکوآنہ (یو این پی) دنیا کے تمام ترقی یافتہ ممالک اپنی ضروریات کا بڑا حصہ سولر انرجی پر منتقل کر چکے ہیں جبکہ پاکستان میں بھی سولر پینل سے بجلی حاصل کرنے کے رجحان میں اضافہ ہو رہا ہے۔ موسمیاتی تبدیلی کی وجہ سے کرہ ارض کا درجہ حرارت بڑھ رہا ہے جس کے باعث دنیا کے ترقی یافتہ ممالک توانائی حاصل کرنے کیلئے ایسے متبادل طریقوں پر منتقل ہو رہے ہیں جن سے کاربن اخراج کم سے کم ہو۔ اس ضمن میں سولر انرجی ماہرین کی توجہ کا مرکز بن چکی ہے کیونکہ اس کا استعمال کر کے شمسی توانائی کو بروئے کار لایا جا سکتا ہے۔ پاکستان میں بھی لوڈشیڈنگ اور بجلی کی قیمتوں میں اضافے کے باعث لوگ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر61)

لاہور: ایک نوجوان ہتھ ریڑھی پر اپنے ساتھی کو بٹھا کر لے جارہا ہے

سی سی پی او کی زیر صدارت کینٹ اور ماڈل ٹاؤن ڈویژنز کی کارکردگی کا جائزہ اجلاس

15 کی کالز پر پولیس کی بروقت کارروائیوں سے کرائم ریٹ میں واضح کمی آئی ہے، بلال صدیق کمیانہ

لاہور (این این آئی) کیپٹل سٹی پولیس آفیسر لاہور بلال صدیق کمیانہ کی زیر صدارت سی سی پی او آفس میں کینٹ اور ماڈل ٹاؤن ڈویژنز کی کارکردگی کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ سی سی پی او لاہور نے دونوں ڈویژنز کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا۔ سی سی پی او بلال صدیق کمیانہ نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 15 کی کالز پر پولیس کی بروقت کارروائیوں کے نتیجے میں کرائم ریٹ میں واضح کمی آئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ موثر پولیسنگ سے پراپرٹی کرائم، ڈکیتی، چوری اور نقب زنی کی وارداتوں میں کمی واقع ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جرائم میں کمی کا رجحان خوش آئند ہے، کرائم کا گراف مزید (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر57)

پاکستانی خشک مرچ کی پہلی کھیپ چین پہنچ گئی

یہ شپمنٹ دونوں ممالک کے درمیان تجارتی تعلقات میں ایک نیا باب ہے

بیجنگ (این این آئی) پاکستان کی اعلی معیار کی خشک مرچوں کی پہلی کھیپ چین کے صوبہ سچوان کے شہر جیانگ پہنچ گئی، چین میں پاکستان کے سفیر خلیل ہاشمی نے کہا کہ یہ اہم شپمنٹ دونوں ممالک کے درمیان تجارتی تعلقات میں ایک نئے باب کی نشاندہی کرتی ہے اور توقع ہے کہ اس سے اقتصادی تعاون میں اضافے کی راہ ہموار ہوگی۔ چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق پاک چین اقتصادی راہداری زرعی تعاون منصوبے کے تحت خشک مرچ کی آمد اور گودام کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سفیر خلیل ہاشمی نے کہا کہ پاکستان اپنے ذائقہ دار اور خوشبودار مصالحوں کیلئے جانا جاتا ہے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر58)

لاہور سڑک کنارے لگے سٹال سے شہری مچھلی خرید رہے ہیں

پاکستان نے 4 ارب 77 کروڑ ڈالر کی اشیا اور خدمات درآمد کیں

مکوآنہ (یو این پی) رواں سال ستمبر میں پاکستان نے 4 ارب 77 کروڑ ڈالر کی اشیا اور خدمات درآمد کیں۔ انٹر بینک ذرائع کے مطابق ستمبر میں پاکستانی مصنوعات اور خدمات کی برآمدات 3 ارب 4 کروڑ ڈالر رہیں اور ورکرز ترسیلات 2.2 ارب ڈالر آئیں۔ ذرائع نے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر59)

سانگلہ ہل بار ایسوسی ایشن کے انتخابات، ارشاد انجم صدر، فیصل ایوب جنرل سیکرٹری بن گئے

تنویر احمد چوہدری نائب صدر منتخب، 4 عہدیدار اور ایگزیکٹو باڈی کے 10 ممبران بلامقابلہ کامیاب

ننکانہ صاحب (این این آئی) سانگلہ ہل بار ایسوسی ایشن کے انتخابات میں چوہدری ارشاد علی انجم صدر، فیصل ایوب بٹالوی جنرل سیکرٹری اور تنویر احمد چوہدری بھاری اکثریت سے نائب صدر منتخب ہوگئے، ارشاد علی انجم صدر نے 91، مدمقابل چوہدری بابر لطیف کاہلوں نے 81، فیصل ایوب بٹالوی نے 97، مدمقابل غلام مصطفیٰ تبسم نے 74، تنویر احمد چوہدری نے 111 اور مدمقابل قمر زمان وکی نے 60 ووٹ حاصل کئے، بار کے باقی عہدیدار اور ایگزیکٹو باڈی کے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر60)

الیکشن ملتوی کروانے کی ایک اور قرارداد جمع

قرارداد میں کہا گیا ہے کہ شدید سردی اور برفباری خیبر پختون خوا میں شہریوں کو سازگار ماحول میں ووٹ ڈالنے سے روک رہی ہے

امیدواروں کو الیکشن مہم چلانے میں بھی بے شمار چیلنجز کا سامنا ہے۔ یہ قرارداد سینیٹر ہلال الرحمٰن نے جمع کرائی جو کہ فاٹا سے آزاد سینیٹر ہیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) الیکشن ملتوی کروانے کی ایک اور قرارداد سینیٹ سیکرٹریٹ میں جمع کرا دی گئی۔ یہ قرارداد سینیٹر ہلال الرحمٰن نے جمع کرائی جو کہ فاٹا سے آزاد سینیٹر ہیں۔ قرارداد میں کہا گیا ہے کہ شدید سردی اور برفباری خیبر پختون خوا میں شہریوں کو سازگار ماحول میں ووٹ ڈالنے سے روک رہی ہے، امیدواروں کو الیکشن مہم چلانے میں بھی بے شمار چیلنجز کا سامنا ہے۔ قرارداد میں کہا گیا ہے کہ خیبر پختون خوا میں سیکیورٹی خدشات کے باعث امیدواروں کو دہشت گردوں کے حملے کا خدشہ ہے، صوبے کے ووٹرز اور امیدواروں میں احساسِ محرومی ہے۔ قرارداد میں مزید کہا گیا ہے کہ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر50)

لاہور؛ سینئر بورڈ آف ریونیو جاوید لاہور میں سمارٹ پولیس اسٹیشنز کے قیام بارے جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

ملک میں پیاز، ٹماٹر، لکڑی، دالیں، بڑا گوشت، برائلر مرغی دیگر کی قیمتوں میں اضافہ

فروٹ کی قیمتوں میں ہوشربا حد تک اضافہ نے مجموعی طور پر مہنگائی کے بوجھ تلے دبی عوام کی مشکلات میں مزید اضافہ کردیا

مکوآنہ (یو این پی) ملک میں پیاز، ٹماٹر، جلانے والی لکڑی، دالیں، بڑا گوشت، برائلر مرغی، ایل پی جی سلنڈر اور چاول کی قیمتوں میں اضافہ جبکہ فروٹ کی قیمتوں میں ہوشربا حد تک اضافہ نے مجموعی طور پر مہنگائی کے بوجھ تلے دبی عوام کی مشکلات میں مزید اضافہ کردیا ہے۔ ادارہ شماریات پاکستان کی مہنگائی پر مبنی ہفتہ وار رپورٹ کے مطابق 11 جنوری 2024 کو اختتام پذیر ہونے والے ہفتہ کے دوران مہنگائی کی شرح گزشتہ سال کے اسی عرصہ کے مقابلہ میں 44.16 فیصد جبکہ گزشتہ ہفتہ کے مقابلہ میں یہ شرح 36.01 فیصد بڑھ گئی ہے۔ ملک کے 17 بڑے شہروں (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر51)

انتخابات کے بعد سب سے پہلے میثاق معیشت کیا جائے، اشرف بھٹی

انکم، سیلز ٹیکس کے مختلف سیکشنز کے تحت صوابدیدی اختیارات کو کم کیا جائے، صدر آل پاکستان انجمن تاجران

لاہور (این این آئی) آل پاکستان انجمن تاجران کے مرکزی صدر اشرف بھٹی نے کہا ہے کہ انتخابات کے بعد سب سے پہلے میثاق معیشت کیا جائے، انکم ٹیکس اور سیلز ٹیکس کے مختلف سیکشنز کے تحت صوابدیدی اختیارات کو کم کیا جائے، قومی آمدن میں اضافے کے نئے ذرائع اور معیشت کو پاؤں پر کھڑا کرنے کیلئے پالیسیوں کو از سر نو ترتیب دینا ہوگا، اب وقت آ گیا ہے کہ ہم بطور قوم عملی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر52)

ذاتی مفادات سے ہٹ کر نئی سوچ کیساتھ عوام کی خدمت کرنی ہوگی، چودھری عبدالغفور

ہماری جدوجہد کا مقصد پاکستان کا اصل پرامن چہرہ دنیا کے سامنے لانا ہے، رہنما پیپلز پارٹی کی گفتگو

راولپنڈی (یو این پی) پیپلز پارٹی کے رہنما، امیدوار حلقہ این اے 125 چودھری عبدالغفور خاں نے کہا ہے کہ نفرت اور تقسیم ہماری سیاست اور معاشرے میں سرائیت کر چکی ہے، ہمیں ذاتی مفادات سے ہٹ کر ایک نئی سوچ کے ساتھ پاکستان کے عوام کی خدمت کرنی ہوگی، ہم ایسی حکومت کا قیام چاہتے ہیں جو سیاسی انتقام کے بجائے عوام کے مسائل کے حل پر توجہ دے۔ انہوں نے اپنے انتخابی دفتر میں کارکنوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی وہ واحد جماعت ہے جو (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر53)

لاہور؛ شہر میں جانور رکھنے پر پابندی کے باوجود مغلپورہ غازی آباد کے علاقہ جانوروں کی بھرمار

موسم سرما کی آمد کے باعث خشک میوہ جات کی خرید وفروخت اور قیمتوں میں اضافہ

مکوآنہ (یو این پی) موسم سرما کی آمد کے باعث فیصل آباد سمیت ڈویژن کے دیگر اضلاع جھنگ، ٹوبہ ٹیک سنگھ، چنیوٹ اور صوبہ بھر کے تمام شہروں میں خشک میوہ جات کی خرید وفروخت میں بھی اضافہ ہوگیا ہے جس کے ساتھ ساتھ خشک میوہ جات کی قیمتیں بھی بڑھ گئی ہیں، ڈرائی فروٹ شاپس مالکان شہریوں سے من مانے دام وصول کررہے ہیں جس پر شہریوں نے ڈسٹرکٹ پرائس کنٹرول کمیٹیوں کے حکام سے فوری کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر56)

نوبل انعام یافتہ سائنسدان ڈاکٹر عبدالسلام کا 98 واں یوم پیدائش 29 جنوری کو منایا جائیگا

مکوآنہ (یو این پی) پاکستان کے واحد نوبل انعام یافتہ سائنسدان ڈاکٹر عبدالسلام کا 98 واں یوم پیدائش 29 جنوری کو منایا جائیگا وہ 29 جنوری 1926 کو ضلع جھنگ میں محمد حسین کے گھر پیدا ہوئے 1979 میں انہیں طبعیات کا نوبل انعام عطا کیا گیا وہ یہ اعزاز حاصل کرنے والے پہلے پاکستانی تھے حکومت پاکستان نے انہیں صدارتی تمغہ برائے حسن کارکردگی، ستارہ امتیاز اور نشان امتیاز کے اعزازات سے نوازا وہ 21 نومبر 1996 کو وفات پاگئے تھے

چیف ایڈیٹر: مسز راحت آراء
ایڈیٹر: حیدر علی بھٹی
پرنٹر وپبلشر اصغر علی جٹ نے مسافت پرنٹرز سے چھپوا کر آٹو سنٹر 108 لٹن روڈ لاہور سے شائع کیا
رابطہ نمبر۔ 0320-1420226